آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 09 اگست 2020ء بمطابق 19 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 215

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

وزیر خارجہ: پاکستان آسیان ممالک کے ساتھ خوشگوار دوستانہ قریبی تعلقات کا حامل ہے

''مشرقی ایشیا کی سوچ'' کی اپنی حکمت عملی کے تحت پاکستان آسیان اور اس کے ارکان کے ساتھ سیاسی، معاشی اور ثقافتی تعلقات مزید پختہ و مضبوط بنانے کا سلسلہ جاری رکھے گا

آٹھ اگست انیس سو ستر سٹھ دو تاریخی دن ہے جب جنوب مشرقی ایشیا کی پانچ اقوام نے یہ مشترکہ پلیٹ فارم تشکیل دیا تھا جس کی بنیاد تعاون، ہم آہنگی و دوستی اور عدم مداخلت کے اصولوں پر رکھی گئی

پائیدار اور منفرد نوعیت کے یہ تعلقات پاکستان کی آسیان میں شرکت، شعبہ جاتی بحث مباحثے کے شراکت دار اور آسیان علاقائی فورم کے فعال رکن کے طور پر اظہار کا موقع پا رہے ہیں، وزیر خارجہ کا پیغام

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان مون سون کی جاری بارشوں، سیلابی صورتحال اور امدادی سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کورونا وبا سے احسن اور موثر انداز میں نمبرد آزما ہونے پر میں آسیان کے ارکان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاکستان آسیان ممالک کے ساتھ خوشگوار دوستانہ قریبی تعلقات کا حامل ہے، ''مشرقی ایشیا کی سوچ'' کی اپنی حکمت عملی کے تحت پاکستان آسیان اور اس کے ارکان کے ساتھ سیاسی، معاشی اور ثقافتی تعلقات مزید پختہ و مضبوط بنانے کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ پختہ کو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ترپن ویں یوم آسیان پر اپنے پیغام میں کہا کہ ترپن ویں یوم آسیان پر پاکستان کی حکومت اور عوام کی جانب سے جنوب مشرقی ایشیائی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس: مون سون کی بارش سیلابی صورتحال امدادی سرگرمیوں کا جائزہ

صوبے کے 21 اضلاع مون سون کی بارشوں کے زیر اثر ہیں جبکہ ڈیرہ بگٹی، جھل مگسی، کوہلو اور سبی اضلاع بارش اور سیلابی پانی سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں

لاجسٹک اسٹریٹیجی پلان بنایا گیا ہے، 12 حساس اضلاع میں امدادی اشیاء کی اسٹوریج کی استعداد قائم کرتے ہوئے تین تین سو خاندانوں کے لئے خوراک اور دیگر ضروری اشیاء ذخیرہ کر دی گئی ہیں

پی ڈی ایم اے کا کنٹرول روم اور کال سینٹر 24 گھنٹے فعال ہیں اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط روابط قائم کئے گئے ہیں، اجلاس میں بریفنگ

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت ہفتہ کے روز ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں مون سون کی جاری بارشوں اور صوبے کے مختلف اضلاع میں پیدا ہونے والے سیلابی صورتحال کے علاوہ امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا، صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم کھوسہ، چیف سیکریٹری بلوچستان فضیل اصغر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر مسعود، ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، متعلقہ اداروں اور محکموں کے سیکریٹریوں و دیگر حکام کے علاوہ این ڈی ایم اے اور کیسکو حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے جبکہ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمران زرکون نے اجلاس کو بارشوں کی تازہ صورتحال، سیلابی پانی سے ہونے والے نقصانات اور جاری امدادی کارروائیوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبے کے 21 اضلاع مون سون کی بارشوں کے زیر اثر ہیں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد اختر ملک و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ساتھ دے کر بچھڑنے کا غم ناقابل فراموش ہے، چیف جسٹس بلوچستان

ہمیں ہر غم و خوشی کے موقع پر انکی عدم موجودگی کا احساس انتہائی شدت سے ہوتا ہے، چیف جسٹس بلوچستان جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں وکلا برادری پر چار سال قبل جو قیامت بپا ہوئی اس کو کبھی نہیں بھول سکتے ہم نے اپنے کئی پیارے دوست اور ساتھی اس میں کھو دیئے امید ہے حکومت تمام مکتبہ فکر کی حفاظت کیلئے جامع

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا ہفتہ کے روز اچانک شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال اور صفائی کے نظام کا جائزہ لیا

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے ہفتہ کے روز اچانک شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال اور صفائی کے نظام کا جائزہ لیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان جوائنٹ روڈ، سریاب روڈ، اسٹلائٹ ٹاؤن لنک روڈ، سرکی روڈ، ڈبل روڈ، سمنگلی روڈ اور ایئر

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت صوبہ میں 5 ماہ بعد دکانوں، مارکیٹوں اور تجارتی مراکز اوقات کار پر عائد پابندی

نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں دکانیں، شاپنگ مالز اور تجارتی مراکز معمول کے مطابق کھلے رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبہ میں 5 ماہ بعد دکانوں، مارکیٹوں اور تجارتی مراکز اوقات کار پر عائد پابندی ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا محکمہ داخلہ و قبائلی امور کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے صوبے میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان میں عراق، شام اور لیبیا جیسے حالات پیدا کرنے کی سازشیں کی گئی جنکو ناکام بنایا گیا، پیر نور الحق قادری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے کہا ہے کہ پاکستان میں عراق، شام اور لیبیا جیسے حالات پیدا کرنے کی سازشیں کی گئی جنکو ناکام بنایا گیا، ہمیں فکر اسلام دشمن قوتوں کی سازشوں کو ناکام بنانا ہے، ہم کسی کو مذہب، مسلک کی بنیاد پر فساد پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہفتہ کو اسلام آباد میں جماعت اہل حرم پاکستان

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے بی بی نانی پل کے قریب سیلابی پانی سے گیس پائپ لائن متاثر

مستونگ، قلات، پشین اور زیارت کو گیس کی فراہمی معطل جبکہ کوئٹہ میں صارفین کو گیس پریشر میں کمی کا سامنا کرنا پڑے گا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے بی بی نانی پل کے قریب سیلابی پانی سے گیس پائپ لائن متاثر، مستونگ، قلات، پشین اور زیارت کو گیس کی فراہمی معطل جبکہ کوئٹہ میں صارفین کو گیس پریشر میں کمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

جشن آزادی کی تیاریوں اور تقریبات کیدوران کرونا کی موجودگی کا احساس رکھنا لازمی ہے۔ میٹنگوں، تقریبات اور کسی بھی قسم کا مجمع لگاتے وقت احتیاطی تدابیر اپنا کر خوشی کیان لمحات کو خوشگوار بنا ہیں، اب بھی اس بات کا اندیشہ ہے کہ کرونا وائرس کے لیے طے شدہ احتیاطی تدابیر سے روگردانی کرنے والوں کی وجہ سے عوام ایک مرتبہ پھر مشکلات کا شکار ہو سکتی ہے۔

لاہور: وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں سیلابی صورتحال کے باعث محکمہ صحت نے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں سیلابی صورتحال کے باعث محکمہ صحت نے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی۔ محکمہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

چاغی ضلع بارش کے بعد دو بچیاں پانی میں ڈوب گئیں ایک کو بچا لیا گیا ایک جاں بحق ہو گئی

واشدین (این این آئی) چاغی ضلع بارش کے بعد دو بچیاں پانی میں ڈوب گئیں ایک کو بچا لیا گیا ایک جاں بحق ہو گئی تفصیلات

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے معروف گلوکار شہزاد رائے اور مشہور لوک فنکار واسو کی ملاقات

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے معروف گلوکار شہزاد رائے اور مشہور لوک فنکار واسو نے ملاقات کی، صوبائی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

سوراب کے ورکرز پارٹی کی سرمایہ ہیں ہم ان کے تحفظات کو دور کریں گے، پرنس مومی جان احمد زئی

قلات (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی نے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر پرنس مومی جان احمد زئی نے کہا ہے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

''لال حویلی سے اقوام متحدہ تک'' کتاب لکھ رہا ہوں، وفاقی وزیر شیخ رشید

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید نے کہا ہے کہ ''لال حویلی سے اقوام متحدہ تک'' کتاب لکھ رہا ہوں۔ کورونا وائرس

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سندھ میں کووڈ 19 سے مزید 300 مریض متاثر جبکہ 3 مزید جاں بحق ہو گئے

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے مزید 300 مریضوں کا پتہ چلا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ایل او سی، بھارتی فوج کی بلا اشتعال شیلنگ، خاتون جاں بحق، 9 کشمیری زخمی

مظفر آباد (این این آئی) بھارت کی فوج نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) سے جڑے آزاد کشمیر کے دو اضلاع میں بلا اشتعال

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

سٹیاری لاہور 660 کے وی ٹرانسمیشن لائن پر کام آخری مراحل میں ہے، عاصم سلیم باجوہ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ سٹیاری لاہور 660 کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ہماری منزل ملک میں شاندار اسلامی انقلاب، مدینہ کے حقیقی ریاست کا قیام ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی ہی جمہوریت کی بالادستی اور ترقی کی ضامن ہے

بلوچستان کو دیانت دار قیادت ہی مسائل سے نجات دلا سکتی ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ ہماری منزل ملک میں شاندار اسلامی انقلاب، مدینہ کے حقیقی ریاست کا قیام ہے۔ بلوچستان کو دیانت دار قیادت ہی مسائل سے نجات دلا سکتی ہے جب تک بدعنوانی ختم، امریکی غلامی سے نجات اور حقیقی مخلص عوام کا دکھ درد جاننے والے اقتدار میں نہیں آئیں گے تبدیلی نہیں آسکتی۔ بلوچستان کو خوشحال جماعت اسلامی بنا سکتی ہے۔ بلوچستان اور ان کے مسائل کو قومی میڈیا اور اقتدار پر قابض قومی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

موسون بارشوں سے تین افراد جاں بحق، لاکھوں روپے مالیت کی املاک کو نقصان پہنچا ہے، لیاقت شاہوانی

بلوچستان میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے بعض علاقوں میں املاک کو نقصان پہنچنے، جانی نقصان اور کمیونکیشن سسٹم متاثر ہوا ہے

بہت سارے ڈیمز میں اوور فلو ہو رہا ہے اب تک بارشوں سے تین افراد جاں بحق ہوئے ہیں، عوام سے اپیل ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ صوبہ میں مون سون بارشوں سے تین افراد جاں بحق جبکہ لاکھوں روپے مالیت کی املاک کو نقصان پہنچا ہے اس کے علاوہ سیلابی پانی کی وجہ سے بولان اور کوئٹہ پانی دے بند ہو گئے ہیں جن کو کھلوانے کیلئے احکامات دیدیئے ہیں، عوام کو جلد ریلیف ملے گا یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں نیوز کانفرنس کے دوران کہی۔ لیاقت شاہوانی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے بعض علاقوں میں املاک کو نقصان پہنچنے، جانی نقصان اور کمیونکیشن سسٹم متاثر ہوا ہے وزیر اعلیٰ جام کمال خان پیدا شدہ صورتحال کا از خود جائزہ لے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ڈیری فارم مالکان کو من مانی کی اجازت نہیں دیں گے، بلال خان کاکڑ

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنائیں گے، وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر برائے پبلک افیئرز

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے کوآرڈینیٹر برائے پبلک افیئرز بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ڈیری فارم مالکان کو من مانی کی اجازت نہیں دیں گے۔ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنائیں گے یہ بات انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیری فارم مالکان ایک مرتبہ پھر دودھ اور دہی کے نرخوں میں خود ساختہ اضافہ کرنا چاہتے ہیں اور انہوں نے اس کا باقاعدہ اعلان بھی کیا ہے لیکن حکومت اپنی رٹ قائم رکھنا جانتی ہے ہم عوام کو ہر صورت ریلیف دیں گے اور ان کے مفادات پر سمجھوتہ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت ڈیری فارم مالکان کے جائز تحفظات سنے گی ان سے کسی قسم کی زیادتی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ مون سون بارشوں کے حوالے سے اقدامات بارے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

سانحہ 8 اگست میں بلوچستان کو جو نقصان پہنچا اسکی تلافی ناممکن ہے، حاجی علی مدد جتک

8 اگست کے شہداء ایک خاندان یا ایک قوم کا اثاثہ نہیں بلکہ وہ پوری قوم کے چشم و چراغ تھے، دیگر کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان نیشنلز پارٹی کے رہنماؤں نے شہداء 8 اگست کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ 8 اگست میں بلوچستان کو جو نقصان پہنچا اسکی تلافی ناممکن ہے، 8 اگست کے شہداء ایک خاندان یا ایک قوم کا اثاثہ نہیں بلکہ وہ پوری قوم کے چشم و چراغ تھے، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کمیشن رپورٹ کی سفارشات کی روشنی میں لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے۔ یہ بات پاکستان نیشنلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

نیزئی ڈیم کے تعمیر سے علاقے کے عوام کو خاطر خواہ فوائد حاصل ہوں گے، ضیاء اللہ لانگو

ڈیم کی تعمیر اور معیار میں ٹھیکیدار نے کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں

مون سون بارشوں کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پی ڈی ایم اے مکمل طور پر تیار ہے، صوبائی وزیر داخلہ

خالق آباد منچر (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ خالق آباد منچر میں نیزئی ڈیم کے تعمیر سے علاقے کے عوام کو خاطر خواہ فوائد حاصل ہوں گے خصوصاً زراعت کا شعبہ اس سے بہتر طریقے سے مستفید ہو سکے گا۔ نیزئی ڈیم سابق مشیر خزانہ میر خالد خان لانگو کے خصوصی توجہ اور ان کے خلوص سے تعمیر کیا گیا تھا، صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ ڈیم کی تعمیر اور معیار میں ٹھیکیدار نے کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں، ڈیم کی معیاری تعمیر میں مذکورہ ٹھیکیدار کا کام قابل ستائش ہے۔ قبل ازیں صوبائی وزیر داخلہ نے خالق آباد منچر کا دورہ کیا جس میں مون سون بارشوں کی وجہ سے مختلف علاقوں میں نقصان کا جائزہ لیا، صوبائی وزیر داخلہ نے رابطہ سڑکوں کی بحالی اور مشکل میں پھنسے لوگوں کی فوری مدد کیلئے ڈپٹی کمشنر قلات کو ہدایت جاری کی، انہوں نے بارش اور سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے لیے پی ڈی ایم اے اہلکاروں کو بھی فوری طور پر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ مون سون بارشوں کی وجہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری کا شہداء 8 اگست کوئٹہ کو خراج عقیدت اور شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہداء 8 اگست کوئٹہ کو خراج عقیدت اور شہداء کے خاندانوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس قاضی عیسیٰ کمیشن پر عدم عملدرآمد سانحے کے شہداء اور ان کے ورثا سے صریحاً ناانصافی ہے، وکلاء برادری سمیت پوری قوم کو یقین دلاتا ہوں، آئین و قانون کی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

تربت کھجوروں کو محفوظ کرنے کیلئے اسکی کوراسٹوریج پلانٹ کا افتتاح کر دیا، ظہور احمد بلیدی

کھجور کا پھل مکران ڈویژن کے ضلع کیچ اور ضلع پنجگور کی ایک انتہائی اہم پیداوار ہے

ڈیٹ پروسیسنگ پلانٹ کو پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے چلایا جائے گا، صوبائی وزیر خزانہ

تربت (ش ن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے تربت میں جوسک کے مقام پر ڈیٹ پروسیسنگ پلانٹ اور کھجوروں کو محفوظ کرنے کیلئے اسکی کولڈ اسٹوریج کا افتتاح کر دیا۔ اس دوران تقریب میں انکے ساتھ کمشنر مکران طارق قمر بلوچ، ڈپٹی کمشنر کیچ الیاس کہزاد، کے علاوہ معروف کاروباری شخصیت و درفشان ڈیٹ پروسیسنگ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مقبول عالم نوری، بلوچ حزب اللہ ورورز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد جان اور معتبر علاقائی شخصیت علی محمد شاہل اور گل خان بلوچ بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کھجور کا پھل مکران ڈویژن کے ضلع کیچ اور ضلع پنجگور کی ایک انتہائی اہم پیداوار ہے۔ مگر بدقسمتی سے گزشتہ کئی سالوں سے کھجور کے زیادہ تر پیداوار کھجور کی تیلکری اور سرد خانہ کی عدم موجودگی کی وجہ سے ضائع ہو جاتے تھے۔ مگر بلوچستان حکومت کے اقدامات کی وجہ سے تربت میں ڈیٹ پروسیسنگ پلانٹ اور کولڈ اسٹوریج کے قیام

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ عثمان بزدار سے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی ملاقات

سیاسی صورتحال اور جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کے امور پر تبادلہ خیال

جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو انتظامی و مالیاتی لحاظ سے خود مختاری دی جائیگی: عثمان بزدار

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وزیر اعلیٰ آفس میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی صورتحال اور جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر محمد اختر ملک، چیف وہیپ قومی اسمبلی ایم این اے عامر ڈوگر، ایم این اے زین قریشی، پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلیٰ پنجاب اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو مکمل فعال کرنے کے لئے فوری طور پر انتظامی اقدامات اٹھانے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی سعودی نائب وزیر دفاع کے انتقال پر اظہار تعزیت

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے سعودی نائب وزیر دفاع کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے محمد بن عبداللہ العیش کے انتقال پر تعزیتی پیغام میں کہا کہ اللہ مرحوم کو جوار رحمت میں بلند مقام عطا کرے، آمین۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ پاکستان ایک

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاک فوج سے اپیل ہے بولان میں پھنسے لوگوں کی مدد کے لئے فوری اقدامات کریں، سردار یار محمد رند

2 دن سے صوبہ کے پہاڑی علاقوں قلات، مستونگ اور منچر سے سیلابی ریلا بولان سے گزر رہا ہے

پی ڈی ایم اے کو فوری طور پر فعال کرے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دے کہ جلد سے جلد لوگوں کو ریسکیو کرے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے حکومت بلوچستان اور پاک فوج سے اپیل کی ہے کہ وہ بولان میں پھنسے ہوئے لوگوں کی مدد کے لئے فوری اقدامات کریں پہاڑی علاقوں سے آنے والا سیلابی ریلا بولان سے گزر رہا ہے جس سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے بولان کے مختلف حضرات اور قبائلی معتبرین مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے بھائیوں کی مدد کے لئے آگے آئیں لوگوں کی ریلیف کے لئے وفاقی حکومت سے بھی بات کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک ویڈیو پیغام میں کیا سردار یار محمد رند نے کہا کہ افسوس کیساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ دو دن سے صوبہ کے پہاڑی علاقوں قلات، مستونگ اور منگچر سے سیلابی ریلا بولان سے گزر رہا ہے جس کی وجہ سے انسانی جانی سمیت

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چمن کالج روڈ پر مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

چمن (آن لائن) چمن کالج روڈ پر مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے کالج کے روڈ پر اپنی چرمین مرکزی انجمن تاجران قاہر خان کے بھتیجے طیب اللہ عرف ٹو باچا ولد حاجی دارہ خان کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا گیا جس سے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں جاری بارشوں سے نمٹنے کے لئے ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے، سلیم کھوسہ

نصیر آباد اور سبی ڈویژن میں املاک کو نقصان پہنچا ہے، میدانی علاقوں میں سات کشتیاں ریلیف کا کام کر رہی ہیں

پاک فوج کے ہیلی کاپٹر بھی اسٹینڈ بائی ہیں، شاہراہوں پر غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جاری بارشوں سے نمٹنے کے لئے ایکشن پلان تیار کر لیا گیا ہے، بارشوں سے اب تک تین افراد جاں بحق ہوئے ہیں نصیر آباد اور سبی ڈویژن میں املاک کو نقصان پہنچا ہے سبی اور نصیر آباد میں تین ہزار افراد کے لئے امدادی سامان کا بندوبست کر دیا گیا ہے، میدانی علاقوں میں سات کشتیاں ریلیف کا کام کر رہی ہیں، پاک فوج کے ہیلی کاپٹر بھی اسٹینڈ بائی ہیں، شاہراہوں پر غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے جبکہ متاثرہ شاہراہوں کی بحالی کا کام جاری ہے، یہ بات انہوں نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر مسعود اور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمران زرکون کے ہمراہ بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

میجر خلیل شہید نشان حیدر کی بری پر قوم انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتی ہے، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ مادر وطن پر جان نچھاور کرنے والے عظیم فرزند میجر خلیل شہید نشان حیدر کی بری پر قوم انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے جرأت

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پاکستان کے بائیس کروڑ عوام کشمیریوں کی جدوجہد آزادی میں ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں، شہباز شریف

پاکستان کے عوام نے جس بے مثال اتحاد، یکجہتی اور اتفاق سے کشمیریوں کی حمایت کی اس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں، صدر سردار مسعود خان

پاکستان پیپلز پارٹی اور جمعیت علماء اسلام دوسری سیاسی جماعتوں سے اختلاف کے باوجود مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایک صفحے پر ہیں

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میاں محمد شہباز شریف، سابق وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف اور جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی مولانا اسد محمود کا کشمیر کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لیے مظفر آباد کا دورہ کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دورہ سے نا صرف اتحاد و یکجہتی کی کوششوں کو تقویت ملے گی بلکہ لائن آف کنٹرول کے دوسری جانب بسنے والے مظلوم کشمیریوں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے منتخب صدر ڈوالکن بوزکر وزیر اعظم عمران خان سے بھی ملاقات کریں گے

جنرل اسمبلی کے صدر ڈوالکن بوزکر 9 اور 10 اگست کو پاکستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 75 ویں اجلاس کیلئے منتخب صدر ڈوالکن بوزکر 9 اور 10 اگست کو پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 75 ویں اجلاس کے لیے منتخب صدر ڈوالکن بوزکر 9 اور 10 اگست کو پاکستان کا دورہ کریں گے ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری کے مطابق ڈوالکن بوزکر یہ دورہ حکومت پاکستان کی درخواست پر کر رہے ہیں دورے کے دوران وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی جنرل اسمبلی کے صدر کے ساتھ ترقی، امن

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: وزیر ہوابازی غلام سرور خان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اجلاس 9 اگست بروز اتوار بوقت بجے ضلعی سیکرٹریٹ میں طلب کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اجلاس آج 9 اگست بروز اتوار بوقت بجے ضلعی سیکرٹریٹ میں طلب کیا گیا تمام اراکین بروقت شرکت کیا جائے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا اجلاس آج 9 اگست بروز اتوار بوقت بجے ضلعی سیکرٹریٹ میں طلب کیا گیا تمام اراکین بروقت شرکت کیا جائے۔

کراچی میں تیسرے روز بھی بارش، حادثات و واقعات میں جاں بحق افراد کی تعداد 11 ہو گئی

شہریوں کی اکثریت گھروں تک محدود ہے، حکومت سندھ، این ڈی ایم اے اور پاک فوج پانی کی نکاسی کے لیے جاری ریلیف آپریشن میں مصروف

سون بارشوں کے دوران کراچی کا بیشتر حصہ بجلی سے محروم ہے، اورنگی، خداداد کالونی، لانڈھی، پی ای سی ایچ ایس، اولڈ سٹی ایریا اور کورنگی میں دو دن سے بجلی غائب

کراچی (این این آئی)

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 اگست 2020ء

صوبے میں مون سون بارش نے تباہی مچادی

بولان میں چوبیس گھنٹوں سے زائد جاری رہنے والی بارش نے تباہی مچادی، بولان ندی میں 85 ہزار کیوسک کیا اونچے درجے کے سیلابی ریلے نے بلوچستان کو سندھ ملانے والا اہم بی بی نانی رابطہ پل کو منہدم کردیا جس سے پل کا ایک حصہ مکمل طور پر تباہ ہوکر سیلابی ریلے کی نظر ہوگیا کوئٹہ سے اندرون سندھ پنجاب جانی والی قومی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے معطل، تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب سے جاری بارشوں نے ضلع کچھی بولان میں تباہی مچادی ہے بولان ندی میں اونچے درجے کا 85 ہزار کیوسک پانی کے سیلابی ریلے نے تباہی مچادی مچھ کے قریب بی بی نانی قومی شاہراہ پل کا ایک حصہ مکمل طور پر تباہ ہوکر منہدم ہوکر سیلابی پانی کے ریلے کے نظر ہوگیا جبکہ کرتہ دیہات، کھجوری، بارڑی، ڈھاڈر کے نواحی گاؤں دربی، نغاری، گوٹھ مہسر کا سیلابی پانی کی وجہ سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا ایکسین ایریگیشن کچھی عبدالظاہر مینگل کے مطابق اسوقت بولان ندی میں 85000 ناڑی ندی میں 60000 کیوسک کا اونچے درجے کے سیلابی ریلے گزر رہے ہیں جس سے نشیبی علاقے کے زیر آب آنے کا خطرہ ہے، ڈپٹی کمشنر کچھی مراد خان کاسی کے مطابق سیلابی ریلوں کی وجہ سے ضلع کچھی میں مختلف مقامات پر کچے مکانات کو نقصان اور متعدد مال مویشیوں کی سیلابی ریلے کی نظر ہونے کی مصدقہ اطلاعات ہیں جبکہ کرتہ میں مقامی آبادی کے بولان ندی کا سیلابی پانی کرتہ گاؤں میں داخل ہونے کی وجہ سے متعدد مکانات منہدم ہوکر گر گئے ہیں اور مری قبائل کے پانچ افراد سیلابی ریلے میں بہہ گئے ہیں جن کے جانی نقصان کا اندیشہ ہے سیلابی پانی میں بہنے والوں میں بی بی حوراں، سلیم سمیت دو خواتین اور ایک نامعلوم بھی شامل ہے تاہم انتظامی حوالے سے خبر کی تصدیق نہیں ہوسکی ضلعی انتظامیہ کچھی نے ہنگامی بنیادوں پر ڈپٹی کمشنر کچھی مراد خان کاسی کی سربراہی میں ریسکیو کا عمل جاری رکھا ہوا ہے جبکہ ایف سی بلوچستان سمیت پولیس، اور سائبان ویلفیئر ٹرسٹ کے رضا کار بھی امدادی سرگرمیوں میں شامل ہیں آخری اطلاعات تک بولان میں قومی شاہراہ گرئی نالہ، گیشتری مچھ، بی بی نانی اور دربی کے مقام پر مختلف جگہوں میں سیلابی پانی قومی شاہراہ پر آنے سے روڈ اندرون سندھ پنجاب کیلئے کوئیٹہ سمیت دیگر علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا ہے جس کیلئے انتظامیہ ہنگامی بنیادوں پر بحالی کیلئے کوشاں ہیں تاہم بارشوں سے بولان میں بی بی نانی پل کے منہدم ہونے کی وجہ سے امدادی کاروائیاں تعطل کا شکار ہیں۔

2020ء میں چینی افواج کی پیشہ ورانہ کامیابیاں

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

سائنسی روڈ میپ پر استوار کرکے اس کی پیشہ ورانہ اہلیتوں اور صلاحیتوں کو نکھار رہا ہے"۔

پولیٹیکل پارٹی، دوسرے ریاستی اداروں، پارٹی کمیٹیوں اور مقامی سطح کے محکموں میں دفاع کا شعور اجاگر کرنے اور مسلح افواج اور قومی دفاع کو مضبوط تر بنانے کی تاکید صدر شی نے بار بار کی۔ اس خطاب کے دو روز بعد یکم اگست 2020 کو چین کی پیپلز لبریشن آرمی (PLA) نے اپنے قیام کی 93 ویں سالگرہ بھی منائی۔

یہ سال 2020ء گزشتہ برسوں کے مقابلے میں PLA کے سخت ترین امتحان کا سال تھا۔ پیپلز لبریشن آرمی نے نہ صرف کووڈ 19۔ کی وبا کا مقابلہ کیا، خوفناک سیلابوں سے اس کا واسطہ پڑا بلکہ کئی ممالک کی طرف سے فوجی خطرات (Threats) کا بھی سامنا ہوا۔ یہ خطرات (تھریٹس) ساؤتھ چائنا سی، آبنائے تائیوان اور چائنا انڈیا بارڈر پر تھے۔

وزارت قومی دفاع نے اپنی ماہانہ کانفرنس میں جو اسی روز (29 جولائی) کو منعقد کی گئی، یہ بتایا گیا کہ PLA نے کووڈ 19۔ سے عہدہ برآ ہونے کے بعد سیلابوں کا بھی بڑی کامیابی سے مقابلہ کیا اور ان پر قابو پایا اور چین کے طول وعرض میں پھیلے 3749 مقامات پر 000,720 فوجی جوانوں اور افسروں کو اس ڈیوٹی پر مامور کیا کہ وہ سیلابوں کو کنٹرول کریں۔..... یہ ایک بڑی کامیابی تھی۔ جس پر حکومت نے PLA کے افراد کو قومی اعزازات سے بھی نوازا۔

سال 2020ء میں سیلابوں اور کووڈ 19۔ جیسے غیر عسکری مشنوں کے علاوہ PLA نے کئی ملٹری چیلنجوں کا بھی بھرپور مقابلہ کیا۔ جیسا کہ اوپر اشارہ کیا گیا، اس سلسلے میں تین علاقوں کا ذکر ضروری ہے۔..... ایک تو انڈیا کے ساتھ سرحدی کشیدگی تھی،..... دوسرے تائیوان میں امریکی اشتعال انگیزی ملٹری حرکات (Moves) تھیں..... اور تیسرے امریکی ملٹری کی ساؤتھ چائنا سی میں ملٹری موومنٹ (Movements) تھی۔

PLA نے مغربی چین کی سرحد سے ملحق بلند ارتفاعی علاقوں میں ایسی جنگی مشقیں کیں جن میں ہزاروں ٹروپس اور جدید ہتھیار استعمال کئے گئے۔ اس کے علاوہ تائیوان میں جنگی طیاروں کی گاہے بگاہے متعدد اڑانیں بھری گئیں اور ساؤتھ چائنا سی میں کئی فضائی ایکسرسائزوں میں حصہ لیا۔

یہ سال (2020ء) اس لحاظ سے بھی خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ اس میں بین الاقوامی صورت حال بڑی تیزی سے تبدیل ہوئی۔ لیکن اس کے باوجود PLA نے نہ صرف یہ کہ قومی سلامتی اور علاقائی یکجہتی برقرار رکھی، بلکہ ایسے اقدامات بھی اٹھائے جن سے ملک کسی جنگ کی دلدل میں نہ پھنسا۔..... یہ سال اگرچہ کووڈ 19۔ کی وبا کا سال تھا، پھر بھی چین کی افواج نے ہتھیاروں اور جنگی ساز وسامان کی ڈیلیپ منٹ میں بھی بطور خاص بڑھ چڑھ کے حصہ لیا۔ 12 جنوری 2020 کو چین کا پہلا 10 ہزار ٹن ڈسٹرائر کمیشن کیا گیا جس میں 055 ٹائپ کے گائیڈڈ میزائل نصب تھے۔ جنوری کے بعد کے مہینوں میں اس تباہ کن بحری جہاز پر حملے کی ضروری پروفیشنل ٹریننگ کی گئی اور اس کی بڑی (Main) گن کی فائرنگ کے ٹرائل بھی انجام دیئے گئے۔

22 اپریل 2020ء کو چین نے اپنا دوسرا (Amphibious) اسالٹ شپ شنگھائی کی بندرگاہ میں لانچ کیا۔ پہلا (Amphibious) ستمبر 2019ء کو لانچ کیا گیا، تھا اب وہ جلد ہی اپنے پہلے آزمائشی سمندری سفر پر روانہ ہونے کے لئے تیار ہے۔

جولائی 2012ء میں چین نے H-6 بمبار طیارہ اڑایا۔ اس میں ایسے اینٹی شپ میزائل نصب ہیں جن کی رفتار آواز کی رفتار سے تیز تر ہے اور اس کی کمبٹ رینج بھی خاصی طویل ہے، اور جہاں تک گراؤنڈ فورسز کا تعلق ہے تو چین نے 2019ء میں نیشنل ڈے ملٹری پریڈ میں اپنے بلکے ٹینک (PCL-181) کا مظاہرہ کیا تھا اور تماشائیوں سے داد وصول کی تھی۔

چین ہر چھ ماہ بعد اپنے ہاں ایک ائر شو (Air Show) منعقد کرتا ہے۔ اس سال کا دوسرا ائر شو نومبر 2020ء میں شیڈول ہے جس میں چین اپنے اس سٹلتھ فائٹر جیٹ کا تازہ ترین ماڈل پیش کرے گا جس کا نام J-20 رکھا گیا ہے۔ اس کا مقابلہ اُس رافیل طیارے سے کیا جارہا ہے جو گزشتہ ہفتے فرانس سے انڈیا پہنچا اور اسے انبالہ ائر بیس پر لینڈ کرا کر سید حالہ اس کے کسی مستقر پر بھیج دیا گیا ہے۔ اس J-20 طیارے کی سب سے اہم خبر یہ ہے کہ اس کا انجن، خود چین نے ڈیلپ کیا ہے۔ قارئین کو یہ بتانا بھی شائد ضروری ہے کہ چین کا اس سال کا دفاعی بجٹ 180 ارب ڈالر ہے، جبکہ انڈیا کا 66 ارب ڈالر ہے۔

..... آگے آپ خود سمجھدار ہیں!

غزہ کی پٹی میں خودکشی کا بڑھتا رجحان

شہباز رشید بہورو

غزہ کی پٹی میں اسرائیلی ظلم وبربریت سے تنگ آکر لوگوں میں خودکشی کا رجحان زیادہ بڑھ رہا ہے۔ غزہ مبنی المیزان سنٹر فار ہیومن رائٹس کی رپورٹ کے مطابق 16 لوگوں نے سال 2020 کے پہلے نصف میں خودکشی کی اور تقریباً سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے خودکشی کی کوشش کی۔ انسانی حقوق کی تنظیموں کے مطابق غزہ میں معاشی مجبوریوں، اسرائیلی ظلم یا کسی اور عنصر کے سبب بڑھتا خودکشی کا رجحان تشویشناک امر ہے۔ بین الاقوامی ادارے سے وابستہ ایک کارکن میکسول گیلارڈ نے 2012 میں خبردار کیا تھا کہ 2020 میں غزہ اسرائیل کے غیر قانونی محاصرے، بگڑتی معیشت، جنگ اور روزمرہ کی تصادم آرائیوں کے سبب ناقابل رہائش جگہ ہوگی۔ گیلارڈ کا اندازہ صد فی صد درست ظاہر ہورہا ہے۔ غزہ کی عوام دہشت کے ماحول میں رہ کر غیر متوقع سنگین واقعات کے ظہور کے خدشے کے سبب زندگی کے سکون سے محروم ہو چکے ہیں۔ وہ رات کے اندھیرے سے انتہائی خوف کھاتے ہیں جتنا کہ موت سے۔ رات کا اندھیرا کئی لوگوں کے لئے موت کا قاصد بن کر آتا ہے۔ غزہ میں جمال واعدی نامی خودکشی کرنے والے شخص کی بیوی نے میڈل ایسٹ آئی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا:

"ہماری شادی نوے کے اوئل میں ہوئی تھی لیکن شادی کے فوراً بعد میرے شوہر کو حراست میں لیا گیا، میں نے سوچا کہ چند دنوں کے بعد اس کو رہا کردیا جائے گا۔ لیکن یہ حراست برابر سات سال کے عرصے پر محیط رہی۔ دوران حراست واعدی کو روزانہ ڈدوکوب کیا جاتا اور اسے کئی کئی دنوں کے لئے تنہا رکھا جاتا۔ ملاقات کے دوران میں اسے میں عجیب ذہنی اور رویے کی تبدیلیاں نوٹس کرتی اور میں اس کی آنکھوں کو دیکھ کر سوچتی کیا یہ وہی ہے جس سے میں نے چند مہینہ پہلے شادی کی تھی۔ 1997 میں رہائی کے بعد اس کا ذہنی علاج کرنے کے لئے ہم نے سالہا سال ہسپتالوں کا چکر لگایا۔ وہ ہمیشہ زور زور سے چلا کر کہتا اگر میں نہیں مرتا تو وہ مجھے ماریں گے اور آخر کار ہماری تمام کاوشیں ناکام ہوئی اور اس نے خودکشی کرلی۔"

جمال کے قریبی رشتہ داروں کا کہنا ہے کہ جمال نے خودکشی صرف جیل میں دوبارہ جانے کے خوف سے کی۔ غزہ میں جمال کی طرح ایک لمبی فہرست ہے جنہوں نے خودکشی کی یا کوشش کی۔ گزشتہ مہینے میں 30 سالہ احمد الملاحی نے پچاس زہریلی گولیاں کھا کر خود کو مارنے کی کوشش کی تھی اور اسی طرح Suicide سے ابراہیم یاسین نامی شخص نے خود کو آگ لگا کر جلا دیا۔

مؤسسۃ الضمیر لرعایۃ الاسیر وحقوق الانسان نامی تنظیم کے اعداد وشمار کے مطابق فلسطین میں سیاسی قیدیوں کی تعداد 4700، ایسٹسٹر یٹیو شیرانی 365، چائلڈ پریزنرس 160 ہے۔ 4700 سیاسی پریزنرس میں 265 صرف غزہ کی پٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔

یورپی یونین کے مطابق تقریباً غزہ کے 80 فی صد لوگ زندگی کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بیرونی مدد پر انحصار کرتے ہیں۔ غزہ میں 2007 سے جاری محاصرے اور کورونا وائرس کی وبا نے معاشی بحران کو مزید ابتر کیا ہے۔ فلسطینی سنٹرل بیورو آف سٹیٹسٹکس کے مطابق کورونا کی وجہ سے غزہ میں 26500 لوگ بے روزگار ہوئے ہیں اور بے روزگاری کی شرح 46 فی صد تک پہنچ چکی ہے۔ بے روزگاری اور سخت غربت کی وجہ سے 37 سالہ ہشم عرفات جو کہ چار بچوں کا باپ ہے نے خود کو آگ لگانے کی کوشش کی تھی لیکن کسی راہ چلتے نے بچالیا۔ اس طرح سے بے شمار افراد ہے جن کی خودکشی کے واقعات لرزہ خیز ہیں۔

فلسطینیوں میں اسے کے علاوہ عرب دنیا کی مکمل سرد مہری اور ان کا اسرائیل کے ساتھ بڑھتا تعاون ایک احساس بیگانگی پیدا کر چکا ہے۔ انھیں اپنی جاری نسل کشی کے تناظر میں عرب دنیا کی مسلسل بے غیرتی بالکل مایوس کر چکی ہے جس کی وجہ سے خودکشی کرنے کا رجحان دن بدن بڑھ رہا ہے۔ فلسطینیوں کو انٹرنیشنل کمیونٹی سے بھی اب کوئی امید نہیں ہے۔ کیونکہ بین الاقوامی ادارہ ریزولیشن نمبر 3379 بھول چکا ہے جس کے تحت صیہونیت پر نسل پرستی کا جرم عائد ہوتا ہے۔ بلکہ اب تو اس کے برخلاف بین الاقوامی رویہ یہ سامنے آرہا ہے کہ فلسطین میں عدم تشدد مظاہروں کو بھی انتہا سمیلزم قرار دیا جائے۔ عالم انسانیت کی یہ مسلسل مجرمانہ خاموشی دنیا کے ناجائز مقبوضہ زمینوں پر قتل و غارت، لوٹ کھسوٹ، عصمت دری اور مبینہ گمشدگی جیسے سنگین جرائم کا ارتکاب کرنے والوں کو حوصلہ افزائی فراہم کررہی ہے۔ مقبوضہ زمینوں کو انسانیت کے دشمن درندے چنگیز خان کی اولاد مسلسل ضم کرنے میں لگے ہیں۔ درندہ صفت اسرائیلی اور ان کے ہم نوا اس کی یہ تحریک انضمام دراصل پوری دنیا کو ایک سخت سانحہ کے قریب کرنے کا فعل انجام دے رہے ہیں۔ خباثت اور نحوست سے بھرے نظریات کی عملی آبیاری کے لئے یہ لٹیرے شب وروز اپنے شیطانی کھیل کو کھیلنے میں تن من دھن سے مشغول ہے۔ یہ اس زمین کے لئے تقدیر مبرم ہے کہ اس کے چپے چپے سے یہ شیطانی ذریت اپنی موت آپ مرے گی۔

کشمیر بنے گا پاکستان

فیصل شامی

اسلام علیکم پارے پارے دوستوں سنائیں کیسے ہیں امید ہے کہ اچھے ہی ہونگے جی دوستوں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ پانچ اگست کو یوم استحصال منایا گیا۔ جی ہاں اس سے قبل پانچ فروری کو کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے "یوم کشمیر" کے طور پر منایا جاتا ہے۔ جی ہاں مقبوضہ وادی میں معصوم ومظلوم کشمیریوں پہ بے پناہ ظلم و تشدد جو کہ مودی سرکار کی طرف سے کیا گیا بے پناہ ظلم وتشدد کہ آج تک جاری ہے جی ہاں کشمیر پاکستان کا اٹوٹ انگ ہے لیکن بھارت نے کشمیر کو بھارت کے نقشے میں شامل کرلیا جبکہ دوسری طرف ہماری طرف سے پاکستان کا نیا نقشہ جاری کیا گیا اس میں مقبوضہ کشمیر کو بھی پاکستان کا حصہ قرار دے دیا گیا، جی دوستوں یہ بات تو دنیا جانتی ہے کہ کشمیری عوام کو ظلم وستم سہتے ستر سال سے زائد ہو چکے ہیں۔ مودی سرکار نے تو نہتے کشمیریوں پہ ظلم وستم کی انتہا ہی کررہی ہے لیکن نہتے کشمیری بھی ڈٹے ہوئے ہیں بھارتی سرکار کے تشدد کا بھرپور جواب بھی دیتے ہیں اور کشمیری جو نسل در نسل قربانی دیتے آئے ہیں تاحال قربانی دینے میں مصروف ہیں۔ انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جاتی ہے۔ اس سال کشمیریوں کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر پانچ اگست کو "یوم استحصال" کے طور پر منایا گیا۔ جی ہاں کشمیریوں کے حقوق کی پامالی ہورہی ہے انکے ساتھ زیادتی ہورہی ہے۔

جی ہاں اسی لئے تو پانچ اگست کو یوم استحصال کا نام دیا اور اس روز کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے جگہ جگہ شہر شہر گلی گلی احتجاج کیا گیا جی ہاں احتجاجی ریلیاں منعقد کی گئیں جلسے جلوس نکالے گئے جس کا مقصد صرف اور صرف کشمیری عوام کے حق میں آواز اٹھانا تھا اور دنیا کو بتانا تھا کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور حصہ رہے گا جی ہاں اسی لئے تو ہر پاکستانی کے لبوں پہ ایک ہی نعرہ کشمیر بنے گا پاکستان جی ہاں یقیناً کشمیر پاکستان بنے گا اور اہل کشمیر کو آزادی کا سورج دیکھنا نصیب ہوگا اور وہ دن دور نہیں جب کشمیر آزاد ہوگا اور بھارت تباہ وبرباد جی ہاں یقیناً وہ دن جلد آئیگا جب کشمیری بھی آزاد فضاء میں سانس لیں گے۔ بہرحال اجازت فی الوقت آپ سے تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

خیبر پختونخواہ حکومت کو درپیش چیلنجز

ایم سرور صدیقی

عام انتخابات میں تحریک انصاف نے پاکستان بھر میں ہلچل مچادی تھی اتنی پرجوش انتخابی مہم کسی سیاسی حریف نے نہیں چلائی دونوں کے لحاظ سے PTI دوسری بڑی سیاسی جماعت بن کر ابھری خیبر پی کے میں نامی گرامی اور سکہ بند قسم کے امیدوار اپنی ضمانتیں ضبط کروا بیٹھے 2013ء میں ہونے والے عام انتخابات میں ANP اور JUI (ف) سب سے زیادہ متاثر ہوئیں 2018ء کے عام انتخابات میں ان جماعتوں کا حشر پہلے سے بھی برا ہوگیا تحریک انصاف پہلی سیاسی جماعت بن کر ابھری جو مسلسل دو مرتبہ خیبر پی کے میں حکومت بنانے میں کامیاب ہوئی ہے کہا جاتا ہے ان پارٹیوں کے قائدین اب تک سوچ رہے ہیں ان کے ساتھ کیا ہوا؟ مولانا فضل الرحمن ابھی تک اس صدمے سے باہر نہیں نکلے اور وہ تحریک انصاف کے روایتی حریف بن کر ابھرے ہیں اور اس صوبہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ فضل الرحمن کو عوام نے نہ صرف حکومت سے باہر کردیا بلکہ وہ پارلیمان سے بھی باہر ہوگئے اسی لئے وہ سکتے میں ہیں اور مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی سے بھی زیادہ انہیں عمران خان پر غصہ ہے جس کا اظہار اکثر وبیشتر وہ کرتے رہتے ہیں موصوف نے تو تحریک انصاف کی حکومت کو ناجائز ہونے کا فتویٰ بھی دے رکھا ہے بہرحال غالب خیال یہی ہے کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات ہوں یا عام انتخابات تحریک انصاف اور جمعیت العلمائے اسلام کے امیدواروں کے درمیان کانٹے دار مقابلے ہوں گے اور ان پارٹیوں کے مختلف نظریات جماعتوں کے ساتھ انتخابی اتحاد بنیں گے اور بن کر ٹوٹنے کی قبل از وقت پیش گوئی کی جاسکتی ہے اسی طرح متوقع بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی، جمعیت العلمائے اسلام اور دیگر جماعتوں کے درمیان سیاسی مقابلہ جاری ہے جو بھی بلدیاتی انتخابات کا کوئی ناک نقشہ نمودار ہوا تحریک انصاف کا مقابلہ کرنے کیلئے ایک گرینڈ الائنس بننے کی قوی امید ہے ہم خیال جماعتیں ان کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنے مشترکہ امیدوار لانے کی کوشش کریں گی جبکہ کہا جارہا ہے کہ KPK کی سابقہ حکمران پارٹی اے این پی ان دنوں عجیب مشکل سے دوچار ہے اسفندیار ولی خان کو خود سمجھ نہیں آرہی کہ ان کی جماعت کے ساتھ کیا ہورہا ہے؟ پہلے کچھ رہنما ساتھ چھوڑ گئے۔۔۔ اور اب بیگم نسیم ولی خان ان کے خلاف دم خم سے برسر پیکار ہیں یعنی ANP اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے اس صورت حال میں سرخ پوش رہنما بھی پریشان نظر آرہے ہیں

اپنے مجبور تقدس کے سہارے ساغر
دیر وکعبہ کے خداؤں سے لپٹ کر رہا ہوں

اب رہی بات تحریک انصاف کی۔۔۔ اس جماعت کو حکومت کیا ملی عمران خان کا امتحان شروع ہوگیا حالانکہ تحریک انصاف کو بہت سے مسائل اور مسائل سے بڑے چیلنجز وراثت میں ملے ہیں یہ صوبہ خیبر پختونخواہ دہشت گردی سے بہت زیادہ متاثر ہوا اب تک شاید ہی کوئی مہینہ ایسا ہو جب اس صوبے میں کوئی دھماکہ یا دہشت گردی کا کوئی واقعہ نہ ہوا ہو ماضی میں متعدد ارکان اسمبلی ان واقعات میں شہید ہو چکے ہیں مگر معیشت، میگا بس منصوبہ، بلدیاتی انتخابات کا انعقاد، امن وامان، عوامی مسائل، قومی ایشوز، انجینئرنگ اتحاد کی احتجاجی تحریک اور اتحادی جماعتوں کی ناراضگی اس وقت تحریک انصاف کیلئے وبال بنے ہوئے ہیں تحریک انصاف کے وزراء مختلف مسائل میں الجھے ہوئے ہیں جبکہ پارٹی کے اندرونی اختلافات بھی موجود ہیں یہاں اس حقیقت سے بھی انکار نہیں جاسکتا کہ گذشتہ عام انتخابات میں عام آدمی نے تحریک انصاف کو تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا اور عمران خان کے نزدیک اس تبدیلی کا مطلب چہروں کی تبدیلی نہیں بلکہ سسٹم کی تبدیلی تھا جس میں ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی البتہ خیبر پختونخواہ کی صوبائی حکومت نے سستے انصاف کے حصول کیلئے موبائل عدالت متعارف کروائی ہے بلاشبہ یہ پاکستان میں اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک اچھی روایت کا آغاز ہے ایسے مزید کئی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ عام آدمی کو بھی ریلیف مل سکے اس حکومت کو عوامی مسائل حل کرنے کیلئے ٹھوس حکمت عملی تیار کرنا ہوگی اس وقت پرفارمنس کے حوالہ سے صوبہ خیبر پختونخواہ کی کارگذاری بالکل متاثر کن نہیں ہے صوبہ بھر میں ٹوٹی سڑکیں، صفائی کی ناگفتہ بہ حالت، گندگی کے ڈھیر، امن وامان کی سنگین صورت حال اور ترقیاتی کام نہ ہونے کا خمیازہ بلدیاتی انتخابات میں بھگتنا پڑ سکتا ہے۔ KPK میں کرپشن وکمیشن مافیا کا خاتمہ، سرکاری اداروں اور محکموں میں سیاسی مداخلت اور دباؤ سے آزاد ماحول کا قیام، تھانے، کچہری اور پٹوار خانوں سے ظلم وزیادتی کا خاتمہ ذاتی پسند ناپسند کی بجائے میرٹ پر فیصلے تحریک انصاف کی حکومت کی اولین ترجیحات ہونی چاہئیں تاکہ تبدیلی محض نعروں تک محدود نہ رہے بلکہ حکومتی رویے اور معاملات میں نظر بھی آئے لوگوں کو محسوس بھی ہو اگر حکومت اچھی کارکردگی، انقلابی اقدامات، بہترین عوامی پالیسیاں اور عوام کو ریلیف دینے میں کامیاب رہی تو یقیناً اس سے KPK میں عنقریب ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں خوشگوار اثر پڑے گا۔

حدود ذات سے باہر نکل کے دیکھ ذرا
نہ کوئی غیر، نہ کوئی رقیب لگتا ہے
دہشت گردی کے واقعات بھی

KPK میں تحریک انصاف کو درپیش چیلنجز میں سر فہرست ہے جس کیلئے مربوط حکمت عملی، ٹھوس منصوبہ بندی ترتیب دینے کی اشد ضرورت ہے اس کو اہمیت دیئے بغیر امن وامان قائم نہیں ہوسکتا عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے کسی رورعائت نہیں ہونی چاہیے اس وقت وزراء میں آپس کی چپقلش نے بھی مسائل پیدا کررکھے ہیں جبکہ شمالی وجنوبی وزیرستان سے نقل مکانی کرنے والوں کی آبادکاری تحریک انصاف کی حکومت کو درپیش چیلنجز ہیں جس سے عہدہ برا ہونا اس حکومت کی نیک نامی کا سبب بنے گا۔ کہا جاتا ہے حکومت کرنا کانٹوں کی سیج پر سونے کا نام نہیں بلکہ یہ کانٹوں کا بچھونا ہے ایک طرف حکومت عوامی توقعات پوری نہ اترے تو وہ عوام کے دل سے اتر جاتی ہے اس لئے پھونک پھونک کر قدم رکھنا پڑتا ہے اس لئے کہا جاسکتا ہے صوبہ خیبر پختونخواہ میں جہاں تحریک انصاف کو بہت سے مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے وہاں اس کے مدمقابل ایک مضبوط اور فعال اپوزیشن بھی موجود ہے اس سے بڑھ کر مذہبی انتہا پسندی کا دور دورہ ہے KPK میں کامیابی سے حکومت چلانے کا مطلب ہوگا تحریک انصاف کو عوام نے جو بھاری مینڈیٹ دیا ہے اس میں وہ سرخرو ہوگی

میں نے خاک نشین کو بوسے دیئے اور
کہہ کر یہ دل کو سمجھا لیا
آشیاں بنانا میرا کام تھا کوئی بجلی
گرائے تو میں کیا کروں

بغور جائزہ لیا جائے تو محسوس ہوگا تحریک انصاف اپنے وعدوں کے برعکس صوبہ خیبر پختونخواہ میں ابھی تک اپنا پروگرام یا حکمت عملی واضح کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکی البتہ عوام کے جذبات کو Cash کروانے کیلئے کرپشن کے خلاف مہم اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں جن میں خاطر خواہ کامیابی ہوئی ہے یہ عوام کو سب کچھ اس لئے اچھا لگا ہے کہ اس حوالے سے کوئی اور جماعت تحریک انصاف کی طرح ایکٹو نہیں ہے صوبہ خیبر پختونخواہ میں عوام کا دل جیتنے کیلئے بڑے انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے جس کے لئے KPK کے وزیر اعلیٰ اور تحریک انصاف کی صوبائی تنظیم اور قائدین کو کچھ کرکے دکھانا ہوگا اس کے ساتھ ساتھ جو بات شدت سے محسوس کی جارہی ہے کہ آفتاب احمد شیرپاؤ جو ہمیشہ ایک فعال انداز سے سیاست کرنے کے عادی ہیں اب شاید وہ تحریک انصاف کی کامیابیوں سے دلبرداشتہ ہوکر اب تک خاموش ہیں انہوں نے تحریک انصاف اور جمعیت العلمائے اسلام اور اے این پی کے درمیان جاری کش مکش سے فائدہ اٹھانے کی کوشش بھی نہیں کی آفتاب احمد شیرپاؤ کو اس تناظر میں اپنی جماعت کو ایک بار پھر فعال، متحرک اور منظم بنانے کیلئے میدان میں آنا چاہیے مذہبی اور سیاسی انتہا پسندی کے ماحول میں وہ پھر سیاسی افق پر چھا سکتے ہیں۔

افق پر دور کوئی چمکتا ہوا تارا
مجھے چراغ دیار حبیب لگتا ہے

بہرحال خیبر پی کے میں حکمران جماعت تحریک انصاف عوام کو کچھ ڈیلیور کرنے میں کامیاب ہوگئی تو مستقبل میں حکومت مخالف جماعتیں پھر چاروں شانوں چت ہوجائیں گی اس وقت حکومت زبردست پریشر میں ہے خیبر پی کے میں مولانا فضل الرحمن کو کسی طور سکون نہیں لگتا تو یہی ہے کہ وہ حکومت گرانے یا اسے فٹ نائم دینے کیلئے ہر حد سے گذر جانے کا عزم رکھتے ہیں وہ پہلی بار پارلیمنٹ سے باہر ہوئے ہیں اسلئے ان کے نزدیک عمران خان کی حکومت غیر شرعی اور ناجائز ہے اور وہ عمران خان کی حکومت کے خلاف کوئی بھی حربہ استعمال کرسکتے ہیں فضل الرحمن کی اب تک کوشش یہ رہی ہے کہ کسی طرح KPK میں تحریک انصاف کی حکومت کو فٹ پائم دیا جائے ابھی تک ان کا بس نہیں چلا ورنہ وزیر اعلیٰ محمود خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد لائی جاچکی ہوتی اس لئے حکومت کو اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے کیلئے کچھ کرکے دکھانا ہوگا کارکردگی ہی تحریک انصاف کو ہر قسم کی بلیمت سے بچا سکتی ہے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

وطن عزیز کا قیام ناگزیر تھا

پاکستان ہمارے لیے عطیہ خداوندی تھا اس کا معرض وجود میں آنا نعمت خداوندی ہے اگر ہم نظریہ پاکستان کا تاریخی پہلو کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ حضرت مجدد الف ثانی برصغیر میں پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے دوقومی نظریہ پیش کیا۔ پھر شاہ ولی اللہ، سرسید احمد خان علامہ اقبال اور دیگر علمائے کرام نے نظریہ پاکستان کی وضاحت کی۔ برصغیر میں مختلف مسلم ادارے اسی نظریے کی بنیاد پر قائم ہوئے اور کئی تحریکیں اسی نظریے کے پرچار کے لیے معرض وجود میں آئیں۔

دوقومی نظریہ

اسلام اور ہندو دھرم دو مختلف معاشرتی نظام قائداعظم نے قرارداد لاہور 23، مارچ 1940ء کے صدارتی خطبے میں اسلام اور ہندومت کو محض مذاہب ہی نہیں بلکہ دو مختلف معاشرتی نظام قرار دیا۔ ہندو اور مسلمان آپس میں شادی کرسکتے ہیں نہ ایک دستر خوان پر کھانا کھا سکتے ہیں۔ ان کی رزمیہ نظمیں، ان کے ہیرو اور ان کے کارنامے مختلف ہیں۔ دونوں کی تہذیبوں کا تجزیہ کرتے ہوئے آپ نے فرمایا: "میں واشگاف الفاظ میں کہتا ہوں کہ وہ دو مختلف تہذیبوں سے تعلق رکھتے ہیں اور ان تہذیبوں کی بنیاد ایسے تصورات اور حقائق پر رکھی گئی ہے جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔" متحدہ قومیت قابل عمل نہیں شروع شروع میں علامہ اقبال متحدہ قومیت کے upon اس وطن عزیز کو سربلند کرنے کیلئے اپنی شاعری کو بروئے کار لاتے رہے اور مسلم امہ کو بیدار کرتے رہے

پاکستان کے قیام کے کئی اغراض ومقاصد تھے۔ جن میں سے چند کا ذکر کرنا ضروری ہے

اسلامی ریاست کے قیام کی خواہش، اسلامی معاشرے کا قیام، اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کا تحفظ، اسلامی جمہوری نظام کا نفاذ، دوقومی نظریہ کا تحفظ، اردو زبان کا تحفظ وترقی مسلم تہذیب وثقافت کی ترقی، مسلمانوں کی آزادی مسلمانوں کی معاشی بہتری مسلمانوں کی سیاسی ومعاشی ترقی ہندوؤں کے تعصب سے نجات کانگرس سے نجات، رام راج سے نجات انگریزوں سے نجات، تاریخی ضرورت پر امن فضا کا قیام، اسلام کا قلعہ ملی وقومی اتحاد اور اتحاد عالم اسلام سرفہرست تھے۔

تحریک پاکستان اصل میں مسلمانوں کے قومی تشخص اور مذہبی ثقافت کے تحفظ کی وہ تاریخی جدوجہد تھی جس کا بنیادی مقصد مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ اور بحیثیت قوم ان کی شناخت کو منوانا تھا۔ جس کے لیے علاحدہ مملکت کا قیام ازحد ضروری تھا۔ یوں تو تحریک پاکستان کا باقاعدہ آغاز 23 مارچ، 1940ء کے جلسے کو قرار دیا جاسکتا ہے مگر اس کی اصل شروعات تاریخ کے اس موڑ سے ہوتی ہے جب مسلمانان ہند نے کانگریس سے اپنی راہ

شال بقیہ 1

اقوام کی تنظیم (آسیان) اور اس کے تمام ارکان کو پرجوش مبارک دینا میرے لئے انتہائی باعث مسرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹھ اگست انیس سو سڑسٹھ وہ تاریخی دن ہے جب جنوب مشرقی ایشیا کی پانچ اقوام نے یہ مشترکہ پلیٹ فارم تشکیل دیا تھا جس کی بنیاد تعاون، ہم آہنگی ودوستی اور عدم مداخلت کے اصولوں پر رکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آج آسیان دس ارکان کی ایک متحرک وفعال تنظیم ہے جو چوالیس لاکھ مربع کلومیٹر رقبے پر محیط ہے جس کی آبادی چونسٹھ کروڑ نوے لاکھ اور مجموعی قومی پیداوار (جی۔ڈی۔پی) دو اعشاریہ نو کھرب امریکی ڈالر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آسیان کے رہنے والوں کی بہیں سو پچیس کے لئے سوچ آسیان کی سیاسی سلامتی، معیشت اور سماجی وثقافتی پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ مستقبل کے لئے ایک خاکہ ہے تاکہ روابط مزید فروغ پائیں، خطے کے عوام اور معیشتوں کی بے پناہ صلاحیت کی نشوونما ہو اور انہیں یکجا کیا جائے۔ اس نیک کام میں کامیابی کے لئے ہم آسیان اور اس کے ارکان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وبا سے احسن اور موثر انداز میں نبرد آزما ہونے پر میں آسیان کے ارکان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہ غیر معمولی بحران متقاضی ہے کہ تعاون اور اشتراک قبل کا جذبہ بڑھایا جائے جو عوام الناس کی بھلائی کے لئے آسیان میں لائق تحسین انداز میں موجزن ہے۔

شال بقیہ 2

جبکہ ڈیرہ بگٹی، جھل مگسی، کوہلو اور سبی اضلاع بارش اور سیلابی پانی سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں، ڈیرہ بگٹی میں بند ٹوٹنے سے دو افراد جاں بحق ہوئے ہیں، انہوں نے بتایا کہ بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کی مسلسل نگرانی کرتے ہوئے لاجسٹک اسٹریٹجی پلان بنایا گیا ہے، 12 حساس اضلاع میں امدادی اشیاء کی اسٹوریج کی استعداد قائم کرتے ہوئے تین تین سو خاندانوں کے لئے خوراک اور دیگر ضروری اشیاء ذخیرہ کردی گئی ہیں جنہیں ضرورت کے مطابق متاثرین میں تقسیم کیا جائے گا، انہوں نے بتایا کہ پی ڈی ایم اے کا کنٹرول روم اور کال سینٹر 24 گھنٹے فعال ہیں اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط روابط قائم کئے گئے ہیں، کسی بھی ہنگامی حالت سے نمٹنے کے لئے بھاری مشینری کی دستیابی سمیت تمام تیاری مکمل کی گئی ہے، انہوں نے بتایا کہ مولا چھوٹک خضدار میں پھنسے ہوئے سیاحوں کو محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا ہے، اس موقع پر جی ایم این ایچ اے بلوچستان نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ این ایچ اے کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں سڑکوں اور پلوں کی نگرانی کررہی ہیں، وگو ضلع خضدار میں لینڈ سلائیڈنگ سے بند ہونے والی شاہراہ کو آج رات تک بحال کردیا جائے گا، اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کی بہتری کے لئے تمام متعلقہ ادارے اور ضلعی انتظامیہ متحرک اور فعال رہیں، پانی کی گذرگاہوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے۔

شال بقیہ 3

منصوبہ بندی کرے گی۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان ہائیکورٹ کوئٹہ میں سانحہ سول ہسپتال میں شہید ہونے والے وکلاء کی یاد میں منعقدہ تعزیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چیف جسٹس جمال مندوخیل سمیت ہائی کورٹ کے ججز اور تمام وکلاء شریک ہوئے ہوئے سانحہ آٹھ اگست شہدا کی چوتھی برسی سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ چار سال قبل ہم سے ہمارے پیارے چھینے گئے ان اپنے ساتھیوں کے بچھڑنے کا غم ناقابل فراموش ہے ہمیں ہر غم وخوشی کے موقع پر انکی عدم موجودگی کا احساس انتہائی شدت سے ہوتا ہے لیکن اس بات کی خوشی بھی ہوتی ہے کہ آج وکلا ایک بار پھر نئے جذبے کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ شیخ اور بار کا تعلق ایک خاندان کی مانند ہوتا ہے شہدا کے لواحقین کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور انکی جس درجہ مدد وتعاون کر سکتے ہیں اس کے لئے اقدامات کر رہے ہیں حکومت سے توقع ہے کہ وہ تمام مکتبہ فکر کے تحفظ کے لئے جامعہ پالیسی مرتب کریگی تاکہ مزید کسی سانحہ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شال بقیہ 4

رہے ہیں مون سون بارشوں کا الرٹ جاری کردیا گیا تھا، پی ڈی ایم اے پہلے سے ہی بائی الرٹ پر ہے وزیراعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو مشینری کو استعمال کرکے امدادی کاموں کی ہدایت کردی ہے جبکہ متاثرہ علاقوں میں فیٹ، دیگر امدادی سامان پہنچوایا جارہا ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ضلع گوادر اور بولان میں سیلابی ریلہ کے باعث سڑکیں بند ہوگئی ہیں جنہیں کھولنے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ بہت سارے ڈیمز میں اوور فلو ہورہا ہے اب تک بارشوں سے تین افراد جاں بحق ہوئے ہیں عوام سے اپیل ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ کورونا کیسز میں بھی بتدریج کافی بہتری آرہی ہے۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ 4 سال قبل سول اسپتال دھماکے میں وکلاء شہید ہوئے جنہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں شہید وکلاء کے اہل خانہ کی معاونت کیلئے بلوچستان حکومت نے اقدامات کئے اور آئندہ بھی کرینگے شہید وکلاء کے بچوں کی اسکالرشپس کی مد میں 73 لاکھ روپے فراہم کئے گئے۔

شال بقیہ 5

سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پی ڈی ایم اے مکمل طور پر تیار ہے۔ علاوہ ازیں صوبائی وزیر داخلہ نے خاقی آباد منگچر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے مختلف شخصیات کے وفات پر ان کے لواحقین سے فاتحہ خوانی بھی کی، انہوں نے علاقے کے پارٹی رہنماؤں اور نوجوان کارکنوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں مون سون بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بھرپور تیاری رہنے کے لیے کہا۔

شال بقیہ 6

سے یہاں کے زمینداروں کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹ پروسیسنگ پلانٹ کو پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے چلایا جائے گا۔ جسکے لیے پہلے مرحلے میں پلانٹ کو 3 سال کے رینٹ پر دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ امید کرتے ہیں کہ اس پلانٹ کے قیام سے یہاں کے زمینداروں کو ملک کے دیگر علاقوں کے علاوہ بیرون ممالک کے مارکیٹ تک رسائی پہنچ گی جس سے یہاں کے کاشتکار اور زمیندار کھجوروں کی مناسب قیمت وصول کرینگے۔

شال بقیہ 7

میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران، ایف سی اور سدرن کمانڈ کے نمائندوں نے شرکت کی جس میں موسمی بارشوں کے ایکشن پلان کی منظوری دے دی گئی ہے ابتدائی طور پر بارش کا سلسلہ آئندہ

شال بقیہ 8

مال مویشیوں کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور افواج پاکستان بالخصوص کور کمانڈر بلوچستان وسیم اشرف سے درخواست ہے کہ جلد سے جلد بولان میں سیلابی پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں کو ریسکیو کرکے انہیں ریلیف کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جائیں وزیراعلیٰ بلوچستان سے خصوصی درخواست ہے کہ وہ پی ڈی ایم اے کو فوری طور پر فعال کرے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دے کہ جلد سے جلد لوگوں کو ریسکیو کرے اور عوام کو ریلیف آپریشن کے ذریعے امداد پہنچائی جائے۔

شال بقیہ 9

گھروں تک محدود ہے۔ ڈی ایم سیز، کے ایم سی، حکومت سندھ، این ڈی ایم اے اور پاک فوج پانی کی نکاسی کے لیے جاری ریلیف آپریشن میں مصروف ہیں۔ مون سون بارشوں کے دوران کراچی کا بیشتر حصہ بجلی سے محروم ہے۔ اورنگی، خداداد کالونی، لانڈھی، پی ای سی ایچ ایس، اولڈ سٹی ایریا اور کورنگی میں گزشتہ رات سے بجلی غائب ہے جب کہ سرجانی ٹاؤن، خادی بستی اور دیگر مضافاتی علاقوں میں گزشتہ 2 روز سے بجلی غائب ہے۔ بجلی کی بندش سے متعلق کے الیکٹرک کے ترجمان کا کہنا ہے کہ کچھ نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا ہونے کے باعث ہمارے عملے کو بجلی بحالی میں مشکلات درپیش آرہی ہیں، بعض مقامات پر پانی کھڑا ہونے کے باعث یکسر بجلی بحال کردینا جانی نقصان کا باعث ہوسکتا ہے، انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

شال بقیہ 10

کورونا وائرس کے کیسز میں کمی کے بعد صوبہ میں دکانوں، تجارتی مراکز شاپنگ مالز، جنرل سٹورز دیگر کی اوقات کار سے متعلق عائد پابندی ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے بھر میں دکانیں، شاپنگ مالز اور تجارتی مراکز معمول کے مطابق کھلے رہیں گے۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں ایران سے سفر کرنے والے 12 سالہ بچے میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی تھی جس کے بعد کیسز میں اضافے کے بعد 22 مارچ کو 65 سالہ شخص کورونا وائرس کے باعث اپنی زندگی کی بازی ہار گئے تھے، کورونا وائرس کے کیسز میں اضافے کے بعد حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبے بھر میں 21 مارچ کو مکمل لاک ڈاؤن کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کردیا تھا جو مئی تک نافذ رہا بعد ازاں حکومت بلوچستان کی جانب سے مکمل لاک ڈاؤن کو اسمارٹ لاک ڈاؤن میں تبدیل کردیا گیا۔ جو 69 دن تک جاری رہا، ہفتے کو حکومت بلوچستان نے صوبے میں اسمارٹ لاک ڈاؤن ختم کرتے ہوئے 24 گھنٹے ایس او پیز کے ساتھ دکانیں کھلے رکھنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

شال بقیہ 11

مطابق گزشتہ روز ضلع بھی کے علاقے بی بی نانی پل کے قریب گیس پائپ لائن کا مرکزی ڈالا 24 انچ ٹرانسمیشن سیلابی پانی سے متاثر ہوگیا جس کی وجہ سے مستونگ، قلات، پشین اور زیارت کو گیس کی فراہمی معطل ہوگئی جبکہ کوئٹہ کے صارفین کو گیس کی پریشر میں کمی کا سامنا کرنا پڑے گا، ترجمان ایس ایس جی سی کے مطابق لائن کی تعمیر ومرمت کا کام جاری ہے۔

شال بقیہ 12

صحت بلوچستان کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے میں مون سون بارشوں کے بعد حالیہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی۔ پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا کہنا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام ڈویژن اور ضلعی اسپتالوں میں ڈاکٹرز اور طبی اسٹاف کو موجود رہنے کی ہدایت کردی گئی، کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام ڈویژنل اور ضلعی ہیڈ ایمرجنسی اقدامات کو حتمی شکل دیں۔

شال بقیہ 13

کے مطابق واہلدین سمیت ضلع بھر میں موسلا دھار بارش تحصیلات کے مطابق چافی ضلع کے مختلف علاقوں میں بروز ہفتہ وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا ہفتے کی رات سے واہلدین، نوکنڈی، تھتان، اور مضافاتی علاقوں میں بروز ہفتہ موسلا دھار بارش جاری رہا گرمی کا زور بھی ٹوٹ گیا ضلع انتظامیہ کی جانب سے غیر ضروری سفر کرنے سے اجتناب اور ایمرجنسی کی صورت میں الرٹ بھی جاری کردیا ہے، اور چاغی کے علاقوں میں تیز بارش کے بعد نشیبی علاقے زیر آب آگئے دوسری جانب چاغی کے علاقے میں بارش کا جمع ہونے والا پانی میں دو بچیاں ڈوب گئے چھ سالا عاجزہ موقع پر جاں بحق ہوگئی جبکہ آٹھ سالا صابرہ کو بچا لیا گیا۔

شال بقیہ 14

کہ پارٹی میں کالی بھیڑوں کی موجودگی کی وجہ سے اصل ورکر نظروں سے اوجھل ہیں ہم بہت جلد ان کالی بھیڑوں کو پارٹی سے باہر پھینکیں گے میں سوراب کے پارٹی ورکروں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنا استعفیٰ واپس لیکر ان کالی بھیڑوں کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قلات میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پارٹی ورکروں کو ہر جگہ تحفظات ہیں مگر تحفظات کے ساتھ ساتھ ہم اپنے عوام کی خدمت کا جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 15

مشیر خیل وثقافت عبدالخالق بزارہ، چیف سیکریٹری بلوچستان فضیل اصغر اور سیکریٹری خزانہ نور الحق بلوچ بھی اس موقع پر موجود تھے، ملاقات کے دوران بچوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیمی اصلاحات اور فن وثقافت کے فروغ سے متعلق امور پر بات چیت کی گئی، شہزادہ رائے نے اسکولوں کی سطح پر تعلیمی نظام کی بہتری اور اصلاحات کے لئے اپنی فاؤنڈیشن کی کارکردگی سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بچوں کے حقوق کے تحفظ اور انہیں ذہنی وجسمانی تشدد سے محفوظ رکھنے کے لئے آگاہی مہم کا آغاز کیا گیا ہے اور سندھ کے اسکولوں میں اس موضوع کو نصاب کا حصہ بنایا گیا ہے علاوہ ازیں اسکولوں کی سطح پر بچوں کے اعتماد میں اضافہ کے لئے ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کی جانب بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے، وزیراعلیٰ نے تعلیمی اصلاحات اور بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے فاؤنڈیشن کی کارکردگی کو سراہا۔

شال بقیہ 16

کے زیر اہتمام عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اتحاد امت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری نے کہا کہ اتحاد امت کانفرنس کا انعقاد اچھا اقدام مسلسل جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے اتحاد، اتفاق وقت کی ضرورت ہے موجودہ حالات میں تمام مسالک کو متحد ہو کر آگے بڑھنا چاہیے۔

شال بقیہ 17

جماعتوں نے بائیکاٹ نظرانداز کر دیا ہے سانحہ 8 اگست نے بلوچستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا کر قیمتی افراد کو ہم سے چھین لیا۔ 4 سال بعد بھی ہم اس غم کو نہیں بھلا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی گردنوں پر سوار جاگیردار، وڈیرے، سرمایہ دار چڑھتے سورج کے پجاری ہیں جو بار بار پارٹیاں بدل کر نئے چہروں کے ساتھ اقتدار پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ جب تک اقتدار کے ایوانوں پر ان کرپٹ افراد کا قبضہ ہے ملک کے حالات تبدیل نہیں ہوں گے ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی ہی جمہوریت کی بالادستی اور ترقی کی ضامن ہے۔ تمام ترقی یافتہ ممالک نے اسی راستے پر چلتے ہوئے دنیا میں اپنا لوہا منوایا۔ ملکی حالات کی بے یقینی نے عوام کو مایوس کر دیا ہے حکمرانوں کے عاقبت نااندیش فیصلوں نے ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے۔

شال بقیہ 18

پورٹ روڈ گئے، ایڈمنسٹریٹر کیو ایم سی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور ایم ڈی واسا بھی اس موقع پر موجود تھے، وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو صفائی کی صورتحال اور نکاسی، آب کے نظام کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت جاری کی، وزیراعلیٰ نے ایئرپورٹ روڈ پر کوئٹہ بیکج کے تحت زیر تعمیر کثیر المقاصد سپورٹس کمپلیکس کا معائنہ بھی کیا اور تعمیراتی کاموں کے معیار کا جائزہ لیا، انہوں نے منصوبے کی مقررہ مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ میں اس قسم کے مزید اسپورٹس کمپلیکس زیر تعمیر ہیں جن کی تکمیل سے متعلقہ علاقوں کے عوام کو کھیلوں اور صحتمندانہ تفریح کے مواقع مل سکیں گے، رکن قومی اسمبلی میر عامر مگسی بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے۔

شال بقیہ 19

کے دوران اس کے 500 صفحات لکھ چکا ہوں۔ شیخ رشید نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ 6 ستمبر کو کتاب کے حوالے سے تقریب منعقد کروں گا۔

شال بقیہ 20

جب 10001 نمونے ٹیسٹ کیے گئے اور 3 مریض اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے جبکہ بعد تعداد 2262 ہوگئی ہے۔ یہ بات وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ہفتہ کو وزیراعلیٰ ہاؤس سے جاری ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ 10001 ٹیسٹ کروائے گئے جن کے نتیجے میں 300 مزید کیسز کی تشخیص ہوئی جبکہ موجودہ تصدیقی شرح 3 فیصد پر آئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 817970 نمونے ٹیسٹ کیے گئے جن کے نتیجے میں 123546 کیسز کی تشخیص ہوئی ہے، ان میں سے 115415 یعنی 93 فیصد مریض صحتیاب ہوگئے ہیں جن میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں 450 شامل ہیں۔

شال بقیہ 21

وی ٹرانسمیشن لائن پر کام آخری مراحل میں ہے۔ عاصم سلیم باجوہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جنوبی شمالی ترسیل کی ایچ وی ڈی سی ٹرانسمیشن لائن 886 کلومیٹر ہے، ٹرانسمیشن لائن سے 4 ہزار میگا واٹ بجلی کی ترسیل ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے پر 1.66 ارب ڈالر لاگت آئیگی، اس کا 85 فیصد کام مکمل کیا جاچکا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے کہا کہ منصوبے سے 2212 افراد کو روزگار کے براہ راست مواقع ملے، اس کے علاوہ سی پیک کے تحت مختلف منصوبوں پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔

شال بقیہ 22

شدید شیلنگ کی جس کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق اور دیگر 9 افراد زخمی ہوگئے۔ انتظامیہ کے مطابق بھارتی فوج نے وادی لیپا کے مختلف گاؤں میں صبح 4 بجے سے ہی شیلنگ شروع کردی تھی، جس میں مارٹر گولوں اور آرٹلری کا استعمال کیا گیا۔ مٹیاں بالا کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر نعمان منظور کے مطابق شیلنگ اس قدر شدید تھی کہ قدرے محفوظ تصور کیے جانے والے گاؤں ریشیان بھی نشانہ بنا جو لیپا سے 25 کلومیٹر دور ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریشیان میں شیلنگ سے پولیس کانسٹیبل معصوم پیرزادہ کی 37 سالہ اہلیہ عطیہ بی بی شہید ہوگئیں اور دیگر دو خواتین 40 سالہ آمنہ بی بی اور 18 سالہ عائشہ عزیز زخمی ہوئیں۔ ریشیان کے رہائشی غلام رسول نے بتایا کہ ہمارے گاؤں میں تقریباً دو دہائیوں بعد شیلنگ ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی فوج نے آخری مرتبہ 1998 میں یہاں شیلنگ کی تھی۔

شال بقیہ 23

نہیں ہوگی لیکن ہمیں عوام کی مشکلات کا بھی احساس ہے انہوں نے کہا کہ دودھ اور دہی صرف مقررہ سرکاری نرخ پر ہی فروخت کرنیکی اجازت ہوگی اس حوالے انہوں نے وزیراعلیٰ سے بھی بات کی ہے۔

شال بقیہ 24

کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ میں مختلف محکموں کے سیکرٹریز کو جلد تعینات کردیا جائے گا اور محکموں کے سیکرٹریز مکمل بااختیار ہوں گے۔ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو انتظامی ومالیاتی لحاظ سے خود مختاری دی جائے گی۔ ملتان ڈویژن، بہاولپور ڈویژن اور ڈیرہ غازی خان ڈویژن سے متعلقہ امور مقامی طور پر نمٹائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ملتان میں 100 بستروں پر مشتمل مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال کے قیام کی اصولی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہسپتال غلہ منڈی کی پرانی عمارت کی جگہ پر بنایا جائے گا۔ ملتان میں واسا اور سیوریج سے متعلقہ مسائل فوری حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کا قیام تحریک انصاف کی حکومت کا بڑا اقدام ہے۔

شال بقیہ 25

مثالی دوست سے مرحوم ہوا دکھ اور غم کی اس گھڑی میں اپنے سعودی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 26

بالادستی کیلئے مرتے دم تک جدوجہد کریں گے۔ سانحہ 8 اگست کوئٹہ کی چوتھی برسی پر پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قوم اس سانحے کو کبھی نہیں بھولے گی جس میں 50 سے زائد وکلاء شہید ہوئے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسانیت و تہذیب کے دشمنوں نے اس سانحے کے ذریعے انصاف کی فراہمی کے نظام کے ایک اہم حصے کو نشانہ بنایا۔

شال بقیہ 27

کوئٹہ کی چوتھی برسی پر پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ قوم اس سانحے کو کبھی نہیں بھولے گی جس میں 50 سے زائد وکلاء شہید ہوئے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انسانیت و تہذیب کے دشمنوں نے اس سانحے کے ذریعے انصاف کی فراہمی کے نظام کے ایک اہم حصے کو نشانہ بنایا۔

شال بقیہ 28

کوئٹہ کی چوتھی برسی پر پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سانحہ 8 اگست کو ہم سے چھین لیا۔ 4 سال بعد بھی ہم اس غم کو نہیں بھلا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی گردنوں پر سوار جاگیردار، وڈیرے، سرمایہ دار چڑھتے سورج کے پجاری ہیں جو بار بار پارٹیاں بدل کر نئے چہروں کے ساتھ اقتدار پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ جب تک اقتدار کے ایوانوں پر ان کرپٹ افراد کا قبضہ ہے ملک کے حالات تبدیل نہیں ہوں گے ملک میں آئین وقانون کی حکمرانی ہی جمہوریت کی بالادستی اور ترقی کی ضامن ہے۔ تمام ترقی یافتہ ممالک نے اسی راستے پر چلتے ہوئے دنیا میں اپنا لوہا منوایا۔ ملکی حالات کی بے یقینی نے عوام کو مایوس کر دیا ہے حکمرانوں کے عاقبت نااندیش فیصلوں نے ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کر کے رکھ دیا ہے۔

شال بقیہ 29

وسلامتی اور انسانی حقوق سے متعلق بات چیت کریں گے جنرل اسمبلی کے صدر وولکن بوزکر وزیر اعظم عمران خان سے بھی ملاقات کریں گے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ جنرل اسمبلی کے صدر کا دورہ عالمی امن وسلامتی پاکستان اور اقوام متحدہ کے اشتراک اور کاوشوں کو اجاگر کرنے کا اہم موقع ہے ولکن بوزکر پہلے ترک شہری ہیں جو جنرل اسمبلی کی صدارت کے لیے منتخب ہوئے وولکن بوزکر اقوام متحدہ کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ہونے والے جنرل اسمبلی کے تاریخی اجلاس کی صدارت کریں گے۔

شال بقیہ 30

وشجاعت کی روشن مثالیں قائم کیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم قابل فخر شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔

شال بقیہ 31

حل کرنے کی صلاحیت ہے، قوم چاہتی ہے کہ ملک میں آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی ہو، لیکن یہاں عدالتوں میں بھی انصاف نہیں ملتا، عدالتوں کے دروازے سونے کی چابی سے کھلتے ہیں۔

شال بقیہ 32

ان کو فوری طور پر سول اسپتال چمن پہنچایا گیا جس کے بعد ان کو مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا ہے۔ مرکزی انجمن تاجران کی جانب سے جاری کردی اخباری بیان میں کہا گیا ہے کہ کافی عرصہ سے چمن شہر سمیت ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کافی خراب ہے اور ڈپٹی کمشنر ایک عرصہ سے ضلع سے غائب صرف تنخواہ تک محدود ہے۔

شال بقیہ 33

سردار خان نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس خوف اور جس ڈر سے عید الفطر گزاری وہ کورونا کا ڈر رہا، حفاظتی تدابیر سے اور ایس او پیز کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ملک کو اس بیماری سے اس عید پر بھی محفوظ رکھا، این سی او سی میں روزانہ مانیٹرنگ بھی ہوتی ہے، میڈیا بھی اکثر وہاں ہوتا ہے سوالات بھی کئے جاتے ہیں، اہم فیصلے قومی رابطہ کمیٹی میں ہوتے ہیں، تمام صوبوں تمام پارٹیز کی اتفاق رائے سے فیصلے ہوتے ہیں، فیصلہ کیا گیا ہے متعدد چیزوں سے لاک ڈاؤن مکمل ختم کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 34

میں بستا ہیں۔ کراچی کے علاقے گلبہار میں کشمیری محلہ بھی ان علاقوں میں سے ایک ہے جہاں بارش انتظامیہ کی غفلت اور بے حسی کے باعث سخت اذیت کا سبب بن جاتی ہے۔

شال بقیہ 35

ڈاکٹرز اور طبی عملہ پوری طرح مستعد اور فعال ہیں عوام مطمئن رہیں انکے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کررہے تاہم عوام بھی احتیاطی تدابیر کو اپناتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں بھی نبھائیں۔

شال بقیہ 36

ڈویژنل ڈائریکٹرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسران، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، پروگرامز ہیڈز سے کہا ہے کہ وہ اپنی اپنی جائے تعیناتیوں پر حاضری کو یقینی بناتے ہوئے اقدامات کی نگرانی کریں انہوں نے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان کو تمام ڈویژن اور ضلعی افسران سے کلوز کوآرڈینیشن رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے اور وزارت صحت بلوچستان کو صورتحال سے متواتر آگاہ رکھنے کی ہدایت کی پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ تمام صورتحال اور اقدامات کا جائزہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان از خود لے رہے ہیں، محکمہ صحت بلوچستان کے افسران اور اہلکاران پوری تندہی سے فرائض کی بجا آوری یقینی بنائیں، ایسی غیر معمولی صورتحال میں کوئی بھی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

شال بقیہ 37

کہا کہ جب تک مولانا فضل الرحمن کشمیر کمیٹی کے چیئرمین تھے بھارت کو جرات نہیں تھی کہ وہ مسئلہ کشمیر کو چھیڑے مولانا فضل الرحمن نے عالمی دنیا میں کشمیر کے مسئلہ کو اجاگر کرنے کے لیے اہم کردار ادا کیا جب سے عمران کے جعلی حکومت برسر اقتدار آیا کشمیر فروخت کیا ملکی معیشت کو تباہ کیے ملک میں مہنگائی عروج پر سود ان میں تبدیلی کے دعویدار کے دعوے دیرے دیرے رہ گئے۔ اس موقع پر مولانا داد خدا البزی میر حشمت جان لبزی میر نظام دین لبزی مولانا عبداللہ بنگ مولانا سعید الرحمان فاروقی مولانا حماد اللہ ڈاکٹر عبدالمالک نیچاری ڈاکٹر صالح سالانی محمد عمر فرنوی ڈاکٹر ظہیر لانگو سمیت سینکڑوں قبائلی معتبرین شریک تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن کی بڑی جماعتوں سے گلے شکوے ہیں ان کی رویے سے جعلی حکومت مضبوط ہو رہی ہیں جعلی مینڈیٹ سے اقتدار میں آنے والے حکومت کو عوامی مسائل سے دلچسپی نہیں۔

شال بقیہ 38

مال مویشیوں کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا ہے میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور افواج پاکستان بالخصوص کور کمانڈر بلوچستان وسیم اشرف سے درخواست ہے کہ جلد سے جلد بولان میں سیلابی پانی میں پھنسے ہوئے لوگوں کو ریسکیو کرکے انہیں ریلیف کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جائیں وزیراعلیٰ بلوچستان سے خصوصی درخواست ہے کہ وہ پی ڈی ایم اے کو فوری طور پر فعال کرے اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دے کہ جلد سے جلد لوگوں کو ریسکیو کرے اور عوام کو ریلیف آپریشن کے ذریعے امداد پہنچائی جائے۔

شال بقیہ 39

قاسم خان دمڑ کی قیادت میں ملنے والی دمڑ قومی اتحاد کی وفد کے علاوہ صوبے کے مختلف علاقوں اور حلقہ انتخاب سے اپنے مسائل کے حوالے سے آنے والے قبائلی معتبرین، پارٹی کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بی اے پی کے مرکزی صدر و وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان اور صوبائی حکومت صوبے عوام کو ماضی کے نام نہاد قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کی لوٹ کھسوٹ اور بدامنیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل سے نکال کر صوبہ کو ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کے لئے روایت شکن وانقلابی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس سلسلہ میں گراس روٹ لیول پر کام کیا جارہا ہے تاکہ ایک روشن صبح طلوع ہوسکے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کریں گے صوبائی حکومت عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔

شال بقیہ 40

سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا وکلاء کے وارثین کو بے یارومددگار چھوڑ دیا۔

شال بقیہ 41

عارف شمشیر اور دیگر نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ کرچن ہسپتال میں بھاری بھرکم فیسیں وصول کیئے جانے کے باوجود صحت کی سہولیات ناپید ہیں عوام کے ساتھ ظلم اور ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ مجبوری کی حالت میں مریض کو کرچن اسپتال لایا جاتا ہے تو ڈائریک اپریشن کا کہتے ہیں اس حوالے سے بہت سے شہریوں نے شکایت کی ہے کہ صوبائی حکومت اس حوالے سے فوری طور پر جائزہ لے کر سخت کارروائی کی جائے، پورے اسپتال میں الٹرا ساؤنڈ مشین نہیں ہے۔

شال بقیہ 42

سون بارشوں نے تباہی مچادی گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشوں سے متعدد علاقوں کے ندی نالوں میں طغیانی جبکہ بعض مقام

کرونا وائرس کے خلاف ڈاکٹرز اور طبی عملہ پوری طرح مستعد اور فعال ہیں، دوستین جمالدینی

عوام مطمئن رہیں انکے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکس کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کر رہے

عوام بھی احتیاطی تدابیر کو اپناتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں بھی نبھائیں، سیکرٹری صحت بلوچستان

ڈیرہ بگٹی' سیلابی پانی میں ڈوب کر جاں بحق شخص کی نعش ہسپتال میں رکھی ہوئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) موٹر وے پولیس کی جانب سے بلوچستان میں کورونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر فرائض سرانجام دینے والے ہیلتھ ورکرز کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر شاہ محمد بلوچ، ڈی آئی جی موٹر وے پولیس علی شیر جاکھرانی، صوبائی کوارڈینیٹر ای پی آئی ڈاکٹر اسحاق پانیزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر احمد زمان جمالی، چیف انگریکنو آفیسر شیخ زید ہسپتال ڈاکٹر غفار بلوچ اور اسٹاف آفیسر شوکت بلوچ بھی موجود تھے۔ تقریب میں موٹر وے پولیس کی جانب سے محکمہ صحت کے حکام اور ہیلتھ ورکرز کو کارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس کے خلاف بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

جے ایس بینک کے تعاون سے ٹریفک پولیس محکمے میں 60 چھتریاں تقسیم

پشاور (این این آئی) جے ایس بینک کے تعاون سے ٹریفک پولیس پشاور کے محکمے میں 60 چھتریاں تقسیم کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق جے ایس بینک کی جانب سے پورے صوبے میں ٹریفک حکام کو 160 چھتریاں فراہم بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پاکستان کے دشمنوں نے ہمارے صدیوں کے اثاثے تباہ کئے' جمہوری وطن پارٹی

صوبائی حکومت نے جن ناہلی کا ثبوت دیا وہ بلوچستانی عوام زندگی بھر نہیں بھلا سکتے' تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی نائب صدر نور اللہ وطن دوست نے 8 اگست کے شہداء کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ سے بلوچستان کا جو نقصان ہوا اس کا ازالہ نہیں ہو سکتا پاکستان کے دشمنوں نے ہمارے صدیوں کے اثاثے تباہ کئے وکلاء کے ساتھ جو ظلم ہوا اس کی نظیر نہیں ملتی اور اس وقت کی صوبائی حکومت نے جن نااہلی کا ثبوت دیا وہ بلوچستانی عوام زندگی بھر نہیں بھلا سکتے ویگن کی چھتوں پر میت لے جانے کا دردناک منظر بھی ہم نے اس دن دیکھا اور ہمارے ہسپتالوں میں مریضوں کو ٹریٹمنٹ کرنے کی صلاحیت بھی نہیں تھی اب تک ہم نے اس سانحہ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کچن ہسپتال میں بھاری بھرکم فیسیں وصول کیے جانے کے باوجود صحت کی سہولیات ناپید ہیں' عبدالرحمن رفیق

عوام کے ساتھ ظلم اور ناانصافی ہے' امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ محمد ایوب مفتی عبدالسلام ریسانی مفتی غلام نبی محمدی مفتی عبدالغفور مدنی عبدالغنی شہزاد حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ کاکڑ میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مفتی نیک محمد فاروقی مولانا جمال الدین حافظ سردار محمد نورزئی مولانا محمد بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

نیب حکومت گٹھ جوڑ سے ملک میں سیاسی انتقام لینے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے' سردار سربلند جوگیزئی

ملک میں قانون کی بالادستی کی باتیں کرنیوالی حکومت نے ملک کو مسائل سے دوچار کر دیا ہے

لورالائی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی علماء ونگ کے صوبائی صدر مولوی جمال خان عبداللہ زئی ڈویژنل صدر رحمت اللہ کدیزئی قاضی سیف اللہ کے صدر محمد عمر موسیٰ زئی موسیٰ خیل کے صدر خابر خان موسیٰ خیل لورالائی کے صدر حبیب الرحمان عبدالرحیم زئی وہاب علیزئی اور محمد نواز کاکڑ نے عبدالرحیم خان کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیومن بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

مودی کا ظلم وستم کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو ختم نہیں کر سکا، صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر

حیدرآباد (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان (نورانی) وفاقی تنظیمی کونسل کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا ہے کہ مودی کا ظلم وستم کشمیریوں کے جذبہ آزادی کو ختم نہیں کر سکا، ان بے سروسامان مظلوموں کی آہیں اور شہیدوں کا خون ایک دن ضرور رنگ لائے گا۔ ان شاء اللہ کشمیر آزاد ہو بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

آٹھ اگست کا دن بلوچستان کیلئے ایک قومی سانحے کا دن تصور ہوگا' محمد بخش بلوچ

وکلا کو شہید کر دیا تاکہ بلوچستان کے پڑھے لکھے طبقے کو شہید کر کے پسماندگی میں مزید اضافہ کیا جائے

چاغی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ چاغی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری محمد بخش بلوچ نے اپنے ایک بیان میں سانحہ آٹھ اگست کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آٹھ اگست کا دن بلوچستان کیلئے ایک قومی سانحے کا دن تصور ہوگا اس دن کو بلوچستان کے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ضلع کے مختلف ندی نالوں میں تغیانی ہے' ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ

اس حوالے سے کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے انتظامیہ الرٹ ہے

کوئٹہ 8 اگست: ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع کے مختلف ندی نالوں میں تغیانی ہے جبکہ اس حوالے سے کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے انتظامیہ الرٹ ہے لیویز لائن میں ایمرجنسی کنٹرول روم قائم کر دیا ہے شہریوں کو کسی بھی مشکل صورت حال کے پیش نظر کنٹرول روم بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

مستونگ بازار میں محمود گرام روڈ پر بارش کا پانی جمع ہونے سے تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے

ڈیرہ اللہ یار اور گردونواح میں دوسرے روز بھی وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا

نشیبی علاقے زیر آب آگئے بجلی کا نظام درہم برہم دیہی علاقوں کا شہر سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار اور گردونواح میں دوسرے روز بھی وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا نشیبی علاقے زیر آب آگئے بجلی کا نظام درہم برہم دیہی علاقوں کا شہر سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا بارشوں سے سیلابی صورتحال پیدا ہونے کے پیش نظر میونسپل کمیٹی کے عملے نے نالیوں آب کی نالیوں کی صفائی مکمل کر لی، رپورٹ کے مطابق ڈیرہ اللہ یار اور گردونواح میں جمعہ کو شروع ہونے والا بارشوں کا سلسلہ ہفتے کے روز بھی وقفے وقفے سے جاری رہا کہیں رم جھم کہیں تیز بارشوں کے باعث بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کلی علم خانزئی سرخ وگردونواح میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا' آغا نصیر میروانی

عوام پانی کے ایک ایک بوند کو ترس گئے عورتیں بچے گلیوں میں پانی لے کر سرگرداں گھومتے ہے مگر پانی میسر نہیں

سوراب (آن لائن) پاک سرزمین پارٹی ڈسٹرکٹ سوراب کے سینئر رہنما آغا نصیر میروانی نے اپنے بیان میں کہا کہ کلی علم خانزئی سرخ وگردونواح میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا عوام پانی کے ایک ایک بوند کو ترس گئے عورتیں بچے گلیوں میں پانی لے کر سرگرداں گھومتے ہے مگر پانی میسر نہیں گزشتہ 3 مہینوں سے واٹر سپلائی خراب ہونے کی وجہ سے کلی علم خانزئی سرخ کلی بنگلوزئی، کلی احسان بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کراچی' صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کو ڈائریکٹر سول ڈیفنس سندھ بابر قدیر ودیگر ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو شہر اور گردونواح میں موسلا دھار بارش ندی نالے سیلابی صورتحال اختیار کر گئے

لیویز کے مطابق کنگل کے مقام پر 35 سالہ شخص سیلابی ریلے میں بہہ جانے سے جاں بحق ہو

کوہلو (نامہ نگار) کوہلو شہر اور گردونواح میں موسلا دھار بارش ندی نالے سیلابی صورتحال اختیار کر گئے اور نشیبی علاقے زیر آب آگئے، سیلابی ریلے میں بہہ جانے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ سوناری کے مقام پر پل بہہ جانے سے کوہلو کا کوئٹہ اور اندرون بلوچستان سے زمینی رابطہ منقطع، کالا بوہ کے ندی میں پک اپ بہہ گئی تفصیلات کے مطابق صوبے کے دیگر علاقوں کی طرح کوہلو میں بھی مون بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ لاکھڑا میں سیلابی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) لاکھڑا ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ لاکھڑا میں سیلابی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ تحصیلدار لاکھڑا سردار زادہ نصیر احمد بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بجلی کے لوڈشیڈنگ نے شدید گرمی میں مزید عوام کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے' فضل محمد

کوئٹہ (آن لائن) گلی برات جناح ٹاؤن کوئٹہ کے سماجی وسیاسی رہنما فضل محمد محمد اسلم خان ترین اور دیگر نے کہا کہ گلی برات کوئٹہ کے اہم دیہی اور ملحقہ علاقے کی سکم پر ہونے کے باوجود میں سڑک توڑ پھوڑ کا شکار پینے کی صاف پانی سے محروم برگی میں عدم صفائی کے وجہ سے کچروں کا ڈھیر لگا ہوا ہے دوسری جانب سوئی سدرن بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

لیاقت بازار میں ڈکیتی کے دوران جیولر اسماعیل کاکڑ کے قتل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

رش اور سیکورٹی کے باوجود جیولر کا قتل سیکورٹی فورسز کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے' رحیم آغا، جبار خان خلجی

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا اور بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی نے کہا ہے کہ لیاقت بازار میں ڈکیتی کے دوران جیولر اسماعیل کاکڑ کے قتل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو فوری یقینی بنائیں، انجمن تاجران بلوچستان اور بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن ملزمان کی گرفتاری تک چین سے نہیں بیٹھے گی اگر فوری طور پر ملزمان کو گرفتار نہیں کیا گیا تو سخت احتجاج کا اعلان کریں گے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ دنوں لیاقت بازار میں جیولر کی دکان میں ڈکیتی کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اسماعیل کاکڑ کی رہائش گاہ پر اہل خانہ سے تعزیت کے موقع پر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سیلابی صورتحال اور اقدامات کا جائزہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان از خود لے رہے ہیں، بابہ خان بلیدی

تمام صورتحال اور اقدامات کا جائزہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان از خود لے رہے ہیں

محکمہ صحت بلوچستان کے افسران اور اہلکاران پوری تندہی سے فرائض کی بجا آوری یقینی بنائیں، پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر

کوئٹہ مسلم لیگ ق کے رہنما شکور مری، سردار ہاشم اور رفیق جنگ 14 اگست کے سلسلے میں بیج اور جھنڈے خرید رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیلابی صورتحال کے باعث محکمہ صحت نے صوبے کے تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی ہے پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے بتایا ہے کہ صوبائی وارلحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام ڈویژن اور ضلعی ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور طبی اسٹاف کو اپنی اپنی جائے تعیناتیوں پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے انہوں نے محکمہ صحت بلوچستان کے تمام پروگرامز ہیڈز ڈویژنل اور ضلعی افسران اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو موجودہ صورتحال کے تناظر میں موثر اقدامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی، پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کلی گزر کے سیوریج سسٹم کو بہتر بنائیں' عوامی حلقے

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ و گردونواح میں طوفانی بارشیں کلی گزرک جوبان کراس میں پانی گھروں میں داخل کچھ گھروں کو نقصان جوبان کراس نوتھ آباد و دیگر علاقے ندی نالوں کا منظر پیش کر رہے تھے تفصیلات کے مطابق مستونگ جوبان کراس مستونگ، کوپک جوبان گزرگ و دیگر علاقوں میں شدید بارشیں بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ہزارہ ٹاؤن میں نوجوان موٹر سائیکل سوار منچلوں اور اناڑی ڈرائیوروں کا راج

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن کاشف حیدری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن میں نوجوان موٹر سائیکل سوار منچلوں اور اناڑی ڈرائیوروں کا راج، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اعلانات ہوا میں تحلیل ہو گئیں بچے، خواتین اور بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

گندا ڈھ کے عوام گذشتہ کئی سال سے شدید کرب وتکلیف میں مبتلا ہیں' مقصود علی ڈومکی

صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ وزیر آبپاشی اور گورنر بلوچستان گندا ڈھ کے عوام کے احتجاج کا فوری نوٹس لیں

کوئٹہ (آن لائن) پریس کلب کے سامنے عوامی ایکشن کمیٹی گندا ڈھ کے صدر عادل حسین جمالی حقوق تحریک گندا ڈھ کے صدر کرامت جمالی کی قیادت میں چوتھے روز بھی تھیسل گندا ڈھ میں نہری پانی کی قلت کے خلاف احتجاج جاری ہے اس موقع پر مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی ترجمان علامہ مقصود علی ڈومکی نے احتجاجی دھرنے میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ اس موقع پر زمیندار کا شکار بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

متاثرہ دیہاتوں میں ریسکیو کے لیے لیویز فورس بھیجی جائے' ضلع کے عوام کی ہر ممکن مدد کی جائے گی' عزت خزیر بلوچ

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ، گرانی ودیگر دیہاتوں میں موسلا دھار بارش ندی نالوں میں طغیانی گرانی اور کلی گزرک اور گرانی میں درجنوں گھروں میں سیلابی پانی داخل ہو گئی ڈپٹی کمشنر عزت خزیر بلوچ نے گرانی ودیگر علاقوں کا بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

خضدار کے علاقے زیدی میں بھی شدید بارشوں کے بعد حالات سنگین، کئی کچے مکانات گر گئے، کھوری کے مقام پر اللہ بخش ساسولی کا دکان اور کھوڑی میں مدنی ہوٹل منہدم

خضدار (آن لائن) خضدار کے علاقے زیدی میں بھی شدید بارشوں کے بعد حالات سنگین، کئی کچے مکانات گر گئے، کھوری کے مقام پر اللہ بخش ساسولی کا دکان اور کھوڑی میں مدنی ہوٹل منہدم سندھ بلوچستان کو ملانے والی شاہراہ M8 ریلے میں بہہ جانے کے سبب کرخ اور بہلوک کا زمینی رابطہ خضدار سے منقطع کئی لوگ درمیان میں پھنس گئے ادھر مولہ سے موصولہ اطلاعات اور سوشل میڈیا رپورٹس کے مطابق بلوچستان کے دوسرے شہروں سے آنے سیاح جانوک، منیالو کے مقام پر سیلابی پانی میں پھنس گئے۔

انور جان کھیتران کے بہیمانہ قتل کے خلاف پریس کلب مستونگ کے سامنے بھرپور احتجاج

مستونگ (آن لائن) نیشنل پارٹی اور بی ایس او پجار مستونگ کے زیر اہتمام آج 8 اگست کو پارکھان میں سوشل ایکٹوسٹ انور جان کھیتران کے بہیمانہ قتل کے خلاف پریس کلب مستونگ کے سامنے بھرپور احتجاج کی گئی اس موقع پر نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر نواز بلوچ صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن آغا فاروق شاہ ضلعی نائب صدر حاجی نذیر احمد سرپرہ، میر سکندر خان لاڑانی۔ بی ایس او پجار مستونگ کے ذاکل صدر ناصر بلوچ اور مرکزی کمیٹی کے رکن بابل بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

شہر کی صورت حال پچھلی بارشوں کے مقابلے میں بہتر ہے، سید ناصر شاہ

کسی بھی مقام پر پانی نہ کھڑا ہونے دیا گیا اور نہ ہی انڈر پاسز بھرے

نالوں کی صفائی اور سویپنگ کا عمل مستقل طور پر جاری ہے، وزیر اطلاعات و بلدیات سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اطلاعات و بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ شہر کی مجموعی صورت حال پچھلی بارشوں کے مقابلے میں بہت بہتر ہے، بارش کی شدت کے باوجود کسی بھی جگہ سیلابی کیفیت پیدا نہ ہوئی۔ شہر میں ہونے والی مستقل شدید بارشوں کے دوران ناصر حسین شاہ مستقل طور پر شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے رہے اور بلدیاتی افسران اور عملے کو مختلف امور کے حوالے سے ہدایات دینے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ وزیر بلدیات سندھ نے ناگن چورنگی، اورنگی ٹاؤن، لیاقت بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے وکلاء برادری نے ملک وقوم کیلئے بہت قربانیاں دی ہیں' مولانا عبدالواسع

جمعیت علماء اسلام ہر شہید کی وارث ہے بہت سارے وکلاء کا تعلق جمعیت علماء اسلام سے تھا جو ناحق شہید کیئے گئے

کوئٹہ میں بلوچستان کے نامور وکلاء کو بے دردی سے شہید کیا گیا وہ سانحہ عظمیٰ کئی نسلیں ایک تلخ واقعے کے طور پر یاد رکھیں گی' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے شہدائے آٹھ اگست کو کوئٹہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اندوہناک سانحہ صدیوں بعد بھی یاد رکھا جائے گا اس قسم کی تعلیم یافتہ نسل کی تیاری میں نصف صدی گزرتی ہے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی یاد اور غم مزید گہرا ہوتا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

لاہور' ایک موٹر سائیکل سوار بارش میں اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

حافظ طاہر محمود اشرفی کی خصوصی طیارے کے ذریعے سعودی عرب روانگی

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی کی خصوصی طیارے کے ذریعے سعودی عرب روانگی ہوئی ہے۔ ان کے دونوں صاحبزادے بھی ہمراہ روانہ ہوئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سعودی عرب کی بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

کراچی کے علاقے گلبہار میں کشمیری محلہ ایک مرتبہ پھر بارش میں ڈوب گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں مون سون کے چوتھے اسپیل کے دوران تیسرے روز بھی بارش جاری ہے، شہر کے مختلف علاقوں میں ناقص نکاسی آب کے باعث شہری شدید اذیت بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عبداللہ بلوچ شہدائے آٹھ اگست پبلک ڈیجیٹل لائبریری کوئٹہ کا افتتاح کر رہے ہیں

سانحہ 8 اگست ظلم بربریت کی انتہا کر دی گئی، صوبائی جنرل سیکرٹری، مابت کاکا

جب 57 وکلا سحافی بیک جنبش کے ہی درگور کر دیا گیا عوامی نیشنل پارٹی اپنی شہدا کی یاد مناتی رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شہدا 8 اگست کی چوتھی برسی کے مناسبت سے صوبہ بھر ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں یاد ریفرنسز منعقد کیے گئے باچا خان مرکز کے مطابق قلعہ سیف اللہ میں اجتماع سے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا کارکن اسمبلی شاہد مجتہد زئی ضلعی صدر عبدالمالک کاکڑ صوبائی جوائنٹ سیکرٹری حاجی ہدایت اللہ کاکڑ مراد خان کاکڑ احسان اللہ کاکڑ خان زمان کاکڑ محمد خان کاکڑ جبار کاکڑ فیض اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ غلام سرور ایڈوکیٹ انجینئر رسد خان کاکڑ معصوم انور کاکڑ میر زلی نذیر احمد شیرین گل حاجی وحاب نے جنگشن چوک پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ 8 اگست ظلم بربریت بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

پیرا میڈیکس کے تمام جائز اور حل طلب مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کرینگے' عظیم جان دمڑ

عالمی وبا کا فرنٹ لائن پر جنگ لڑنے پر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکس، نرسز، ودیگر طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

ہرنائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ نے کہا کہ پیرا میڈیکس کے تمام جائز اور حل طلب مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کر چکے پیرا میڈیکس کا محکمہ صحت میں کلیدی کردار ہے عالمی وبا کا فرنٹ لائن پر جنگ لڑنے پر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکس، نرسز، ودیگر طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر حاجی عبدالودود ترین کی قیادت میں ملنے والے پیرا میڈیکس کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا پیرا میڈیکس کے عہدیداروں نے ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو اپنے مسائل کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر عظیم جان بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

پیرا میڈیکس کے تمام جائز اور حل طلب مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کرینگے' عظیم جان دمڑ

عالمی وبا کا فرنٹ لائن پر جنگ لڑنے پر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکس، نرسز، ودیگر طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

ہرنائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی عظیم جان دمڑ نے کہا کہ پیرا میڈیکس کے تمام جائز اور حل طلب مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کر چکے پیرا میڈیکس کا محکمہ صحت میں کلیدی کردار ہے عالمی وبا کا فرنٹ لائن پر جنگ لڑنے پر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکس، نرسز، ودیگر طبی عملے کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو اپنے مسائل کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر عظیم جان بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، جس حکمرانوں نے کشمیر کا سودا کیا' عبدالغفور حیدری

جعلی مینڈیٹ سے اقتدار میں آنے والے حکومت کو عوامی مسائل سے دلچسپی نہیں، بابری مسجد کے جگہ مندر افسوسناک ہے، اقوام متحدہ نوٹس لے

مودی کے رویے سے مسلمانوں میں تشویش پائی جا رہی ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام

مستونگ (این این آئی) بابری مسجد کے جگہ مندر افسوسناک ہے، اقوام متحدہ نوٹس لے، مودی کے رویے سے مسلمانوں میں تشویش پائی جا رہی ہے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے بے حس حکمرانوں نے کشمیر کا سودا کیا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے جمعیت علماء اسلام مستونگ کے رہنما، مولانا داد اللہ خدا بخش کے فرزند امداد اللہ جان کے شادی کے تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

بارش سے متاثرہ علاقوں میں لیویز فورس کی امدادی کارروائیاں

خضدار (نامہ نگار) بارش سے متاثرہ علاقوں میں لیویز فورس کی امدادی کارروائیاں خضدار میں بارش سے متاثرہ علاقوں میں ڈپٹی کمشنر خضدار اور اسسٹنٹ کمشنرز کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے امدادی کارروائیاں بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

گنداوا و گردونواح میں شدید بارشوں نے تباہی مچادی

گنداوا (نامہ نگار) گنداوا و گردونواح میں شدید بارشوں نے تباہی مچادی گوٹھ خدا بخش رند، گوٹھ لعل محمد لاشاری گوٹھ شربت خان لاشاری و دیگر دیہات کا علاقہ بارشوں سے شدید متاثر ہوا ان علاقوں میں سیلابی پانی گھروں میں داخل ہو گیا مکین پانی میں پھنس گئے متعلقہ دیہات زمینی رابطہ منقطع ہونے سے دکھانے پینے کی اشیاء کی تحت کی بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع گوادر کی تحصیل پسنی میں بارش کے باعث براہوئی پل ٹوٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع گوادر کی تحصیل پسنی میں بارش کے باعث براہوئی پل ٹوٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو بلوچستان کے ضلع گوادر کی تحصیل پسنی میں مکران کوسٹل ہائی وے پر بدوک کے مقام پر شدید بارش کے باعث آنے والے سیلابی ریلے سے براہوئی پل ٹوٹ گیا پل سے گزرنے والا ٹرک حادثے سے بال بال بچا جبکہ وہ قدمہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ کو بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر میں مون سون بارشوں کے حوالے سے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

ڈاکٹر آیت اللہ جروار کی بازیابی کے لئے حیدرآباد پریس کلب پر احتجاجی مظاہرہ

حیدرآباد (این این آئی) سندھ ویٹرنری ڈاکٹر ایکشن کمیٹی کی طرف سے نخدوہا گو سے وہاں گم ہونے والے ویٹرنری ڈاکٹر آیت اللہ جروار کی بازیابی کے لئے حیدرآباد پریس کلب بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

پاک سرزمین پارٹی وکلا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دے گی، مصطفی کمال

پاکستان کی تاریخ میں سانحہ کوئٹہ بہت بڑا سانحہ تھا' چیئرمین پاک سرزمین پارٹی

کراچی (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کے چیئرمین سید مصطفی کمال نے شہدائے 8 اگست کوئٹہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک سرزمین پارٹی وکلا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دے گی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

عالمی سطح پر انسانی حقوق کی تنظیموں کی رپورٹ اور سپریم کورٹ کا فیصلہ نیب کی منہ پر کالک ہے' میر نعیم اللہ عیسیٰ زئی

ملک میں پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد قوت ہے جو عوام کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ تک پیش کیا ہے

بسیمہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر میر نعیم اللہ عیسیٰ زئی ڈسٹرکٹ واشک کے قائم مقام صدر عبدالفتاح بلوچ ڈسٹرکٹ واشک کے ترجمان غلام اللہ بلوچ نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر انسانی حقوق کی تنظیموں کی رپورٹ اور سپریم کورٹ کا فیصلہ نیب کی منہ پر کالک ہے پاکستان پیپلز پارٹی کو عوامی خدمت کی سزا دی جا رہی ہے اس ملک میں پاکستان بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہے فوری و یقینی حل کیلئے کوشاں ہے' نوید احمد دمڑ

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کریں گے صوبائی حکومت عوامی خدمت پر یق